883

ایک مشرقی کتب خانہ

(کتب خانہ خدابخش بانکی پور پٹنہ)

از

دی ، سی ، اسکاٹ او کونر

سید مبارز الدین رفعت ایم اے
معلم ادبیات فارسی جامعہ عثمانیہ

پبلیشر:-
انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ

قیمت ۳/
طباعت زیر اہتمام
مکتبہ جامعہ لمیٹڈ۔ دہلی

تعداد طبع ۱۰۰۰ جید پریس دہلی

مطالب

مترجم کی عرض

سنہ ۱۹۴۲ء میں راقم کو اپنے امتحان ایم اے کے مقالے کی تیاری کے سلسلے میں اس مجموعۂ نوادرات کی زیارت کا موقع ملا ہے جو خدا بخش لیبریری پٹنہ کے نام سے مشہور اور دی پبلک اورنٹل لائبریری بانکی پور کے نام سے متعارف ہے۔ عرصہ ہوا کہ حکومت ہند کی سرپرستی میں ان نوادرات کی مفصّل اور مشرح فہرست بیس ضخیم جلدوں میں چھپ چکی ہے۔ لیکن یہ فہرست بیشتر عالموں اور متخصصوں کے کام کی ہے۔ عام قاریوں کا اس تک پہنچنا اور اس سے لطف اندوز ہونا آسان کام نہیں۔ ان نوادر کی زیارت کے بعد بار بار یہ تمنا دل میں کروٹ لیتی رہی کہ کاش کوئی اہل قلم ان کا حال دلکش اور دلچسپ انداز میں اجمالاً بیان کرکے انھیں عام قاریوں سے روشناس کراتا۔ اتفاق کی بات ہے کہ اسی زمانے میں اس موضوع پر اسکاٹ اوکونر کی چھوٹی سی کتاب راقم کی نظر سے گذری۔ مصنف نے جس دل کش اور جاذب انداز میں اس کتب خانے کا حال لکھا ہے، اسے دیکھ کر بے اختیار دل سے داد نکلی۔ عام طور پر کتب خانوں اور کتابوں کا بیان ایک خشک موضوع سمجھا جاتا ہے۔ لیکن تاریخی پس منظر کے ساتھ ساتھ کتابوں کی خوبیوں کو بیان کرنے کے لئے کونر نے جو انوکھا اور دل کش انداز اختیار کیا ہے،

اس سے موضوع کی خشکی تمام تر غائب ہوگئی ہے اور کتاب کے پڑھنے میں ادب کا سا لطف آتا ہے۔ اس کے سوا انھوں نے جس والہانہ انداز میں اسلامی مشرق کے آرٹ، مصوری، خطاطی اور نقاشی کی داد دی ہے وہ ان کے صاحب نظر ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ بے اختیار جی چاہا کہ جب تک کوئی اہل قلم اس موضوع پر اردو میں قلم اٹھائے اس کتاب کے ترجمے سے اردو پڑھنے والوں کو محروم نہ رکھا جائے۔

ترجمے میں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے کہ اصل انگریزی طرز بیان کی دلآویزی ہاتھ سے جانے نہ پائے اور غالباً یہ کہنا تعلّی میں داخل نہ ہوگا کہ بڑی حد تک اس مقصد میں مترجم کو کامیابی رہی

آخر میں منتخب فارسی اور عربی نوادرات کی ایک فہرست دی گئی ہے تاکہ اگر پڑھنے والے کی دلچسپی اور بڑھے تو یہ فہرست اس کے شوق میں ممد و معاون بن سکے۔

مبارزالدین رفعت

حیدرآباد

سنہ ۱۹۵۰ء

مصنف کا دیباچہ

اس چھوٹی سی کتاب کے پہلے حصہ کا مقصد اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ کھوج لگانے والے کا ہاتھ دھیرے سے تھام کر اسے نادر اور قیمتی چیزوں کے باغ کی چار دیواری کے اندر پہنچا دیا جائے جس کے بغیر شاید وہ ان کے وجود سے بے خبر ہی رہ جائے۔

دوسرے حصے میں جان کار عالم اپنی تحقیقات میں مدد لینے کے لئے دو رہنماؤں کو اپنی خدمت پر کمربستہ پائے گا۔

یہ چھوٹی سی کتاب نادر چیزیں جمع کرنے والوں کو اس کتاب خانے سے اپنی جمع کی ہوئی نادر چیزوں کا مقابلہ کرنے کا موقع دے گی۔ اس کے سوا اگر کوئی چھاپنا چاہے تو اس کتاب کی بعض نادر قلمی نسخوں کی اشاعت میں مدد دے گی۔ ہندوستان سے باہر کے مسافروں کے لئے یہ کتاب اس کے بہت سے تجربوں میں ایک اور تجربے کے اضافے کا باعث بنے گی۔ یہ تجربے ایک ایسے ملک میں اس کا انتظار کر رہے ہیں جو اپنی حسین چیزوں کو عام لوگوں کی نظروں سے چھپانے کا بہت پرانے زمانے سے شائق چلا آرہا ہے۔

اس کتاب کا لکھنے والا شہر پٹنہ کا شکر گزار ہے۔ یہاں اس

نے سردیوں کے دو خوش گوار موسم گذارے اور یہاں اس کی بہت سی دل خوش کرنے والی گھڑیاں ان کتابوں کی صحبت میں بسر ہوئیں جن کا حال اس کتاب میں بیان کیا گیا ہے۔



مولوی خدابخش سی۔ آئی۔ ای۔ مرحوم

پہلا حصہ

کتب خانہ خدا بخش یا جیسا کہ وقف نامہ میں اس کے بانی نے انکسار کے ساتھ اسے "دی پٹنہ اورینٹل پبلک لبریری" کا نام دیا ہے دنیا میں اسلامی ادبیات کے بے بہا خزانوں میں ایک نفیس ترین خزانہ ہے۔

یہ کتب خانہ ہمیشہ کے لئے ـــــــ جہاں تک انسان کے بس میں مستقبل کی صورت گری ہے ـــــــ پٹنہ میں قائم کیا گیا ہے۔ پٹنہ وہ شہر ہے جو پچیس سو سال سے زمانے کے کتنے ہی تماشے دیکھتا آیا ہے۔ پٹنہ نیک دل شہنشاہ اشوک کا شہر رہا جس نے اپنی دنیا پر مہر و محبت کے ساتھ حکمرانی کی کوشش کی۔ پٹنہ اس کے دادا مہم پسند چندر گپت موریا کا شہر رہا۔ اسی چندر گپت نے دریائے جہلم کے ساحل سے لوٹتے ہوئے سکندر سے مشرقی مملکت کے راز سیکھے۔ پٹنہ سفیر منگا ستھینز کا شہر رہا جس نے یہاں اپنی زندگی کے آٹھ سال بسر کئے اور جو حضرت عیسیٰؑ کی ولادت سے تین سو سال پہلے کے ایک ہندستانی شہر کی زندگی کی ایک جیتی جاگتی تصویر بنا کر یورپ والوں کے لئے چھوڑ گیا۔

اور یہیں اسی شہر کی گلیوں میں، اس شہر کے بننے سے پہلے، اور

ایسے وقت جب کہ اس کے بنانے والے اس کی بنیادیں ہی اٹھانے میں لگے ہوئے تھے، لوگوں نے مہاتما بدھ کو آتے جاتے دیکھا۔ ان کا فکرمند اور اُترا ہوا مکھڑا دیکھا۔ ان کو نجات دلانے والی دنیا کی کھوج میں گھومتے دیکھا۔ اسی لئے تو آج بھی دُنیا کے چار کروڑ سے زیادہ انسان اس شہر کو ایک مقدس مقام مانتے ہیں۔

اس طرح اس کتب خانے کو بڑا اچھا ماحول ملا ہے۔ تو خود کتب خانہ بھی کچھ کم امتیاز کا حامل نہیں۔ اس کے اندر گزرے ہوئے عالموں اور گزرے ہوئے بادشاہوں کی یاد محفوظ ہے۔ اس کے اندر نامعلوم باتوں کی یاد محفوظ ہے۔ ایک ایسی ثقافت کی یاد محفوظ ہے جو اب اگرچہ مر رہی ہے یا بڑی حد تک مر چکی ہے، لیکن اسی ثقافت نے دنیا پر بڑا گہرا اثر ڈالا تھا۔ اسی ثقافت نے قرطبہ سے لے کر دلّی تک اس کے بہت بڑے شاہکاروں کو جنم دینے میں تخیّل کا ہاتھ بٹایا تھا۔ اتنا ہی نہیں، اخلاق اور آداب کا ایک ایسا دبستان پیش کرنے میں اس کی کارفرمائی اب بھی جاری ہے ــــــ اگرچہ افسوس اس کا ہے کہ یہ کارفرمائی کم سے کم ہوتی جاتی ہے ــــــ جو اپنی امتیازی دل کی آویزی کے لحاظ سے بے مثال ہے۔ اس ثقافت کا اثر حُسنِ اخلاق کے مکمل نمونے پیش کرنے میں اب بھی جاری و ساری ہے۔

جو لوگ قدیم اسلامی دنیا کے تصورات سے آشنا ہونا چاہتے ہیں ان کی آرزو سے کچھ زیادہ ہی یہ کتب خانہ ان کو نہال کرنے کے لئے کافی ہے۔

اس طرح یہاں اس تاریخی مقام پر، ایک افسانوی ندی کے کنارے

ایک محفوظ بندرگاہ ہیں۔ اُس کے بچے کھچے تمام حصّے جمع کر دیئے گئے ہیں جو کبھی ایک زبردست بیڑا تھا۔ یہ بیڑا کبھی اپنے گلابی، شنگرفی اور سُنہری بادبان کو کرم سلطانی کے بادشُرطہ پر اُڑا تا جاتا اور شہنشاہوں کے لئے باعث فخر خزانے لاتا تھا۔ یہ خزانے اپنے زمانے میں ایسے تابناک تھے کہ اُن کا دنیا میں کہیں جواب نہ تھا۔

یہاں اصلاً مبالغہ سے کام لینا مقصود نہیں، پرمشرق کے ایک ایسے تابناک کارنامے کے ذکر میں تخیل کی تھوڑی سی گرمی معاف رکھی جائیگی کیونکہ یہ واقعہ ہے کہ دنیا میں پرکار خطاطی، سونے کی مینا کاری، لاقیمت کتابی نقاشی اور لاجوردی، شنگرفی، گلابی، زعفرانی اور نیلے، سُرخ اور سبز رنگوں سے بعض صفحوں پر تصویر کاری سے بڑھ کر اور چیز ہو نہیں سکتی۔ ان کی سادگی اور پرکاری سے بڑھ کر دل پر اثر کرنے والی کوئی چیز دیکھی گئی اور نہ سُنی گئی۔ جن انقلابوں میں ان چیزوں نے اپنا حصہ ادا کیا ہے ان سے کہیں زیادہ یہ خود اصل معلوم ہوتی ہیں۔ یہ دیکھئے، یہ دمشق یا ازہر کے کسی غریب عالم کی لکھی ہوئی کتاب کا دنیا میں ایک ہی نسخہ ہے۔ یہ دیکھئے۔ یہ کتاب کسی شہنشاہ یا کسی بادشاہ کو تحفہ میں پیش کی گئی ہے۔ یہ دیکھئے، یہ کتاب کسی خانخاناں یا شاہان مغلیہ کے کسی امیر کی خدمت میں بطور نذر پیش کی گئی ہے۔ یہ دیکھئے، اس کتاب نے کسی بادشاہ کو عین مایوسی اور بےبسی کے عالم میں اس کی قسمت کا حال بتایا ہے۔ یہ دیکھئے، یہ کتاب ہیروں سے آراستہ پیراستہ کسی شہزادی کا دل پسند کھلونا رہی ہے۔ یہ شہزادی اپنی نسل کے اور لوگوں کی طرح شاعرہ تھی، اور سچ مچ اونچے درجے کی شاعرہ تھی۔ یہ دیکھئے، یہ کتاب بال قیمت

کا ایک حصہ ہے جو کسی فاتح کے ہاتھ لگا ہے جو عورتوں، ہیروں، کپڑوں، اور سونے چاندی کی چیزوں کے ساتھ اس کے قبضہ میں آیا ہے۔ اور اس کے پچھلے مالک نے ابھی ابھی قبر کا کونا آباد کیا ہے۔ یہ دیکھئے یہ ایک اجڑتے دربار کا آخری خزانہ ——— چرایا گیا، چھپا کر رکھا گیا، ہاتھوں ہاتھ ایک سے دوسرے تک پہنچایا گیا، پانی میں بھیگا، دیمک نے چاٹا، اور کیڑوں نے اس سے اپنا پیٹ بھرا۔ پھر کسی بھوکے خاندان کا پیٹ پالنے کے لئے بیچا گیا۔ اور اب آخر کار ——— آرام کے دن پورے ہوئے اور پھر سے ایک نئی گردش شروع ہونے کی درمیانی مدت کے لئے ہی سہی ——— یہ راحت اور آرام کے ایک مامن میں محفوظ ہو گیا ہے۔

نوادرات کے اس مجموعہ کی تاریخ بھی سُن لیجئے۔ اُنیسویں صدی کے ابتدائی سالوں میں مغلوں کی شاندار سلطنت کا محل زمین کے برابر ہو چکا تھا، اور انگریزی راج کی لائی ہوئی شائستگی جس کی قدر و قیمت کو اب کچھ گھٹا کر ہی دیکھا جانے لگا ہے ——— اپنی پوری چمک دمک کے ساتھ اس ملک میں پھیل رہی تھی۔ اسی زمانے کا ذکر ہے بہار کے شمال میں ایک شریف مسلمان محمد بخش رہتے تھے۔ ان کا گھرانا عالموں اور قاضیوں کا گھرانا تھا۔ کہتے ہیں اس خاندان کے ایک عالم نے بھی فتاویٰ عالمگیری کی تالیف میں حصہ لیا تھا۔ محمد بخش خود بھی عالم تھے، شاعر تھے اور اپنی فرصت کے اوقات میں مشرقی ادب کی کتابیں جمع کرتے تھے۔ مرتے وقت وہ اپنے بیٹے اور کتب خانہ کے بانی خدا بخش کے لئے چودہ سو کتابیں چھوڑ گئے۔ ان چودہ سو

کتابوں میں سے صرف تین سو کتابیں انہیں اپنے اسلاف سے ورثے میں ملی تھیں اور باقی گیارہ سو کتابیں خود اُنہوں نے جمع کی تھیں سن رسیدہ محمد بخش نے بستر مرگ پر جو آخری درخواست کی وہ یہ تھی کہ ان کے بعد یہ کتابیں منتشر نہ ہونے پائیں بلکہ ہو سکے تو شہر پٹنہ میں ایک بڑے کتب خانہ کا مرکز بن جائیں اور یہ کتب خانہ مشرقی علوم کی اشاعت کا سبب بنے۔ کیونکہ مشرقی علوم کی تحصیل کا شوق میکالے کے زبانی حملوں کی وجہ سے اور کچھ انگریزی زبان کے بڑھتے ہوئے اثر کی وجہ سے پھیکا پڑتا جا رہا تھا جو ان ہمت بیٹے نے جسے ورثے میں ان کتابوں کے سوا اور کچھ نہ ملا تھا، اپنے باپ کی یہ تمنا پوری کر دکھائی۔ تلاش معاش کے دوران میں پہلے وکیل کی حیثیت سے اور پھر جج کی حیثیت سے وہ سینکڑوں آدمیوں سے ملے۔ اور پورے ہندستان میں خوب گھومے پھرے۔ دہلی، حیدرآباد، اور لکھنؤ جیسے بڑے بڑے شہروں سے وہ خوب واقف تھے۔ نایاب کتابوں کے جمع کرنے والے کی حیثیت سے ان کی شہرت نادر اور کمیاب کتابوں کے مالکوں تک پہنچ چکی تھی ہندستان کی سرحدوں سے باہر اسلامی مشرق ان کے دائرہ عمل سے باہر تھا۔ لیکن جہاں پکا ارادہ ہوتا ہے وہاں راستہ نکل ہی آتا ہے۔ بے تاب جذبہ اپنے مقاصد کی تکمیل میں سرحدوں کو خاطر میں نہیں لاتا۔ خدا بخش اپنی ایک پڑوسی ریاست کے والی سے جو کتابیں جمع کرنے کے بڑے شائق تھے، کسی طرح پیچھے رہنا نہیں چاہتے تھے۔ اپنے دل کی یہ آرزو پوری کرنے کے لئے اُنھوں نے اپنا ایک قاصد مقرر کیا۔ یہ قاصد ایک عرب تھا جو اٹھارہ سال تک قاہرہ، دمشق، بیروت، مصر اور ایران

کے کتب خانے کھنگالتا رہا۔ اور ہر بار اپنے آقا کے لئے جو جو قلمی کتابیں اس کے پلے پڑیں ان سے لدا پھندا شاد کام و کامراں واپس آتا رہا۔

یہ واقعہ ہے کہ اس عرب نے جس طرح کتابیں جمع کی ہیں وہ عام طریقہ سے بڑھ کر رومانس اور مہم پسندی کی دلکش داستان معلوم ہوتی ہے۔ اگر اس عرب کی زندگی کے حالات تفصیل کے ساتھ لکھے جاتے تو ایک نہایت جاندار اور دلچسپ سوانح عمری ہوتی۔ کیونکہ نہ تو وہ خود کوئی امیر آدمی تھا اور نہ جس کی نمائندگی وہ کرتا تھا وہ کوئی دولت مند شخص تھا۔ ان مہموں کے لئے اسے ماہانہ پچاس روپئے سے زیادہ تنخواہ نہ ملی۔ بہلانے پھسلانے، سازش، اور چاپلوسی کے فن (اور اس جانفشانی کو کیا کہئے جو ہر مشکل پر فتح پالیتی ہے)، انتہائی صبر، اور ان تھک جستجو پر ہی اس ادبی قاصد نے اپنی کامیابیوں کے لئے تکیہ کیا ہوگا۔ ایسی بے پناہ مشقت کی مثال دیکھنی ہو تو قرون وسطیٰ کے یورپ کے بعض اولیاء کے تذکرے پڑھ کر دیکھئے جن میں بعض نصرانی اولیاء کی ہڈیوں کی منتقل کا حال درج ہے۔ یہاں مجھے ایسا ہی ایک قصہ یاد آگیا۔ اس قصہ میں بتایا گیا ہے کہ کس طرح پروونکل کے پادری کی متبرک ہڈیاں قطلال کے گرجے کو مقدس بنانے کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی گئیں۔ یہ کام راہبوں اور سپاہیوں کی ایک جماعت نے مل کر کیا تھا جنہیں اس کام کے لئے خاص طور پر مقرر کیا گیا تھا۔ اس بڑے کام کو ہاتھ میں لیتے وقت کسی نے بھی یہ نہ سوچا کہ اس کو پورا کرنے کے ذرائع ان کے پاس موجود بھی ہیں یا نہیں۔ کچھ کم یا زیادہ ہزار سال کی بات ہے بیرار کے ایک راجہ نے "تری پٹیکا" کے ایک نسخہ کے لئے

لڑائی لڑی تھی۔ اور آج بھی تو ہمارے جیوٹ ہمسائے جو افغانی سرحد کے اس پار رہتے ہیں، ان کا یہ حال سننے میں آتا ہے کہ اگر ان کے گاؤں کے پیر وہ گاؤں چھوڑ کر کسی اور جگہ آباد ہونا چاہیں، تو وہ پیر صاحب کو مار کر گاؤں میں ان کی درگاہ بنالیں گے لیکن پیر صاحب کی متبرک ہڈیوں سے محروم ہونا گوارا نہ کریں گے۔

کتب خانے کے بانی کے صاحبزادوں نے بڑے فخر اور کچھ مزاح کے ساتھ بتایا کہ اس کتب خانے کی بہت سی قلمی کتابیں چرائی ہوئی ہیں کتب خانے کے بانی اور اس کے بہت سے قاصدوں کے دل میں علم کی محبت اس درجہ گہری تھی کہ وہ ایک شخص کی ملک اور دوسرے شخص کی ملک کے درمیان جو باریک —— اسے اگر معمولی کہا جائے تو کیسا ہے —— خط ہوتا ہے اس کو نظر انداز کر دیا کرتے تھے۔

بہرحال سابق میں جو کچھ ہوا ہو، اب تو کتابیں یہاں رکھی ہیں۔ نہایت شاندار اور قابل تعریف مجموعہ! یہ کتابیں شہر پٹنہ کی عظمت کو چار چاند لگاتی ہیں۔ دوسری طرف یہ واقعہ ہے کہ ان کتابوں کا مالک ایک غریب آدمی کی موت مرا۔ اس نے اپنا پورا سرمایہ ان کتابوں کے حاصل کرنے اور ان کی حفاظت کے لئے ایک خوشنما عمارت بنانے پر صرف کر دیا اور ہمیشہ کے لئے ان سب کو اپنے ہم وطنوں کے لئے وقف کر گیا۔ اب کتب خانے کے بانی کے تقدس کے بارے میں بہت سے قصے سننے میں آتے ہیں۔ ایسی باتیں بڑی حد تک قابل معافی ہوتی ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ کتب خانے کے بانی اور ان کے رفیقوں کے حریصانہ رجحان کے بغیر ایسے شاندار مجموعہ کا حاصل کرنا بڑی حد تک مشتبہ

ہی نظر آتا ہے۔

آپ قصے سُنیں گے کہ کتب خانے کے بانی کے پاس فرشتے آتے تھے، خواب میں انہیں بشارتیں دیتے اور ان کے کام میں اُن کا ہاتھ بٹاتے تھے ایک بار تو خود رسول خدا صلعم اس کتب خانے میں جلوہ فرما ہوئے تھے۔ عہد اورنگ زیب کی تاریخ کے ماہر جادو ناتھ سرکار نے اس واقعہ کو قلمبند کیا ہے۔ ہم یہ واقعہ وہیں سے نقل کرتے ہیں۔

خدا بخش صاحب نے کہا:۔

"ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ کتب خانے سے لگی ہوئی گلی میں لوگ کھچا کھچ بھرے ہوئے ہیں۔ میں بھی گھر سے نکل پڑا۔ لوگ چلّانے لگے!

"رسول اللہ (صلعم) تمہارے کتب خانے کی سیر کے لئے تشریف لا رہے ہیں۔ تم کہاں ہو؟"

"میں اس کمرے کی طرف دوڑا جہاں قلمی کتابیں رکھی تھیں۔ اس وقت تک رسول اللہ صلعم تشریف لے جا چکے تھے!"

"لیکن یہاں حدیث کی دو کتابیں قلمی میز پر کھلی رکھی تھیں۔ لوگوں نے بتایا کہ ان دونوں کو رسول اللہ صلعم ملاحظہ فرما رہے تھے"

ان دونوں قلمی کتابوں پر کتب خانے کے بانی نے ایک نوٹ لکھا ہے۔ وہ یہ کہ کسی حالت میں بھی ان کتابوں کو کتب خانے سے باہر نہ لے جایا جائے۔

میرے دوست سر علی امام لکھتے ہیں:۔

"خدا بخش مرحوم بڑی دلکش شخصیت کے مالک تھے اور

قدیم اسلامی تہذیب کے سانچے میں ڈھلے ہوئے تھے۔
انہیں دیکھ کر مجھے وہ تصویریں یاد آجاتی تھیں جو داستان
الف لیلہ کی ایک مصور جلد میں نے کہیں دیکھی تھیں عجیب
اتفاق ہے جب میں پہلی بار ان سے ملا ہوں اسی دن ہندوستان
کے مشہور عالم مولانا شبلی نعمانی سے بھی میری ملاقات ہوگئی جو
اس وقت خدا بخش مرحوم کے یہاں کی حیثیت سے ان کے
پاس ٹھیرے ہوئے تھے۔ ہم سب نے مل کر ایک کھلے میدان
میں چائے پی۔ یہاں سے لہلہاتی فصلوں کے بڑے بڑے کھیت
نظر آتے تھے۔ ان کے پرے دریائے گنگا کا پانی لہریں لے
رہا تھا۔ ان کا نایاب خزانہ بہترین قلمی کتابوں کی صورت
میں مولانا شبلی نعمانی کے ملاحظہ کے لئے پھیلا ہوا تھا۔
اور مولانا ایسی چیزوں کے مانے ہوئے ماہر سمجھے جاتے
تھے۔ ایک کے بعد دوسری نایاب و نادر کتاب اُٹھائی
گئی اور اس کا معائنہ ہوتا رہا۔ جب تک یہ شغل جاری رہا
میں گویا مبہوت و مسحور انہیں بیٹھا دیکھتا رہا۔ نادر چیزوں
کے جمع کرنے کا فخر، انہیں پرکھنے کا جوش و خروش اور
قدیم چیزوں کی محبت سے خدا بخش مرحوم کا چہرہ دمک
رہا تھا۔ کچھ ایسی ہی کیفیت مولانا شبلی نعمانی کے
چہرہ سے جھلکتی تھی جو اس وقت مجھے اسلامی تہذیب
اور علمی تبحر کا مجسمہ نظر آتے تھے۔"
"اس کے بعد میں بارہا خدا بخش مرحوم کے دولتکدے

پر حاضر ہوا۔ ایک بار جب میں نے کچھ ہچکچاتے ہوئے ان ذریعوں کی طرف اشارہ کیا جن سے اُنہوں نے یہ کتابیں جمع کی تھیں، تو وہ مُسکرا کر میری طرف دیکھنے لگے۔ اس وقت ان کی آنکھوں میں ایک دلنواز دمک پیدا ہو گئی تھی۔

اُنہوں نے کہا :۔

”نادر چیزیں جمع کرنے کا فن ہر چیز سے مستثنیٰ اور فوجداری قانون سے بالا ہے“ اپنی یہ گفتگو اُنہوں نے یہ کہہ کر ختم کی کہ ”اندھے تین قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ جن کی بصارت زائل ہو جاتی ہے۔ ایک وہ جو اپنے دوست کو کوئی قیمتی کتاب دیکھنے کے لئے دیدیتے ہیں۔ اور ایک اندھے وہ ہیں جو ایک بار ایسی کتابوں پر قبضہ پانے کے بعد انہیں لوٹا دیتے ہیں!“

خدا بخش مرحوم کو اپنی کتابوں سے بڑی گہری محبت تھی۔ ایک بار برٹش میوزیم نے ان کتابوں کے لئے بڑی بھاری رقم پیش کی تھی۔ لیکن خدا بخش مرحوم نے اس پیش کش کو ٹھکرا دیا۔ ایک بار اُنہوں نے مجھ سے کہا تھا ”میں غریب آدمی ہوں۔ اور برٹش میوزیم والوں نے جو رقم پیش کی تھی وہ بہت بڑی اور بھاری رقم تھی۔ لیکن کیا میں صرف پیسے کے لئے اس چیز سے دستبردار ہو جاؤں جس کے پیچھے میں نے اور میرے

والد نے اپنی زندگیاں صرف کر دی ہیں؟ جب وہ یہ باتیں
کر رہے تھے تو اس وقت ان کا نمایاں خدوخال والا چہرہ
ایک اندرونی خوشی سے تمتما رہا تھا۔ ان کی بڑی بڑی
آنکھوں میں آنسو کھیل رہے تھے۔"

"انہوں نے پھر کہا "نہیں۔ میرا یہ کتب خانہ پٹنہ کے لئے
ہے۔ یہ تحفہ پٹنہ کے عوام کے لئے ہے" اور انہیں کی خدمت
میں پیش کیا جائے گا۔"

۱۹۰۸ء میں خدا بخش مرحوم کی زندگی کے ساٹھ سال پورے ہوگئے وہ بہار کے ضلع چھپرہ میں پیدا ہوئے تھے۔ یہ ضلع دریائے گنگا کے دامن میں واقع ہے۔ کہتے ہیں اسی علاقے میں وید مقدس کی مناجاتیں لکھی گئی تھیں اپنی ساٹھویں سالگرہ کے کچھ ہی دنوں بعد خدا بخش پٹنہ میں اپنے پیدا کرنے والے سے جا ملے۔ انہیں کتب خانے کے احاطے ہی میں ایک چھوٹے سے کھلے مقام پر سپرد خاک کیا گیا۔ یہ مقام کتب خانے کی دو الگ عمارتوں کے بیچ میں واقع ہے۔ ان کی سیدھی سادی قبر کے اطراف ہری ہری گھاس کا ایک تختہ ہے اور مشرق کی تیز دھوپ میں نظریں اس تختے پر پڑ کر ٹھٹھک کر رہ جاتی ہیں۔ ان کی قبر کی زعفرانی ریشمی چادر پر روز گلاب، گیندے اور دوسرے رنگ برنگی پھول چڑھائے جاتے ہیں۔ ان کے صاحبزادے صلاح الدین[1] کے قول کے مطابق "یہاں وہ اپنی زندگی کے سفر کے ختم پر اسلام کے بڑے بڑے مصنفوں کی یادگاروں کے جوار میں آرام کی نیند سو رہے ہیں۔"

---

[1] اسلامیات پر کئی اچھی کتابوں کے مصنف اور مترجم پروفیسر صلاح الدین مرحوم۔ (مترجم)

کتب خانے کے بانی کی وصیت ہے کہ کسی حالت میں بھی یہ کتب خانہ اس کے موجودہ مقام سے نہ ہٹایا جائے۔ ان کتابوں کے رکھنے کے لئے یہ کتب خانہ ہے بھی نہایت موزوں مقام۔ لیکن ان کی اس وصیت میں اس سے زیادہ معنی پوشیدہ نہیں۔ ہندستان کی تاریخ میں جتنے بھی انقلاب آئے ہیں ان میں یہ بات بارہا دُھرائی جاتی رہی ہے اور شاید پھر دُھرائی جائے کہ لوگ صرف ایک ہی بات پر بھروسہ کرتے تھے ——— اگرچہ بارہا اس میں انہیں ناکامی کا منھ دیکھنا پڑا ہے ——— اور وہ ہے گوشۂ قبر کے آرام کا یقین ہندستان میں یکے بعد دیگرے حکمراں خاندانوں کے جاہ و جلال کا آفتاب جس عام تباہی میں گہنا تا رہا اس میں پچھلے شاہوں کی قبروں کے سوا اور کچھ باقی نہ رہا۔ مسلمانوں کی حد تک ان کی کچھ عبادت گاہیں باقی رہ گئیں جہاں وہ اپنے خدا کی عبادت کرتے تھے۔

اس لحاظ سے خدا بخش مرحوم کی قبر یہاں آنے والے لوگوں کے لئے ایک خاموش درخواست ہے۔ ایک بے زبان التجا ہے کہ مرحوم کی یہ تمنا پوری ہوتی رہے ہمیں امید ہے ——— امید ہے کہ مرحوم کی یہ درخواست قبول ہوتی رہے گی۔

یہ ہے اس عجیب و غریب کتب خانے کی ابتدا اور اس کے اندر کا حال لیکن کتابوں کا حال آدمیوں جیسا ہے۔ اور جو انہیں جاننا چاہتے ہیں اُنھیں چاہیئے کہ وہ ان کتابوں کو ایک کے بعد ایک لیں، دیکھیں اور پڑھیں اس کے لئے جتنی محنت لگے گی اُس کا تھوڑا سا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے کہ سنہ ۱۹۰۴ء سے اس کتب خانے کی کتابوں کی مفصل فہرست تیار ہونی شروع ہوئی اور ابھی تک

بہ مکمل ہونے نہیں پائی[1] اس فہرست کے مرتب کرنے والوں کا ذکر اس کی چھپی ہوئی پہلی چار جلدوں کے مقدموں میں "نوجوان طالب علموں" کی حیثیت سے کیا گیا ہے۔ اس کام کی تیاری کے دوران میں یہ لوگ اب ادھیڑ عمر کو پہنچ چکے ہیں اور اس کام کے مکمل ہونے تک شاید بالکل ہی بوڑھے ہو جائیں۔ ان کے کام کی نوعیت کا اندازہ ان ضخیم جلدوں سے لگایا جا سکتا ہے جنھیں مولوی عبدالمقتدر اور ڈاکٹر عظیم الدین (ان کے ساتھ اب مولوی عبدالحامد کا نام بھی شریک کرنا چاہیئے) نے مل کر ڈاکٹر (بعد میں سر) ڈورِو ڈینی سن راس کی عمومی نگرانی میں تیار کیا ہے۔

ان فہرستوں کی مدد اور کتابوں کے معائنہ سے میرے لئے ان کتابوں کی ندرت، ان کے حسن و جمال، ان کی عجیب و غریب بلکہ خوفناک گردش، انسانیت کی نسبت سے ان کی بے پناہ دلکشی اور ان کی سحر کاری کا حال بیان کرنا آسان ہو گیا ہے۔

یہاں تاریخ خاندان تیموریہ ——— یعنی ہندستان کے مغل بادشاہ جس خاندان سے تعلق رکھتے تھے اس خاندان کی تاریخ ——— کا ایک نہایت نادر، انتہائی مطلّا اور نفیس نسخہ بھی ہے۔ یہ خاندان مہم پسندوں کی جماعت سے ترقی کرتے کرتے اس مرتبہ پر پہنچا تھا، اور اس بات پر اسے فخر بھی تھا۔ اس فخر کا مظاہرہ آپ ان کتابوں پر لگی ہوئی بہت سی مُہروں

---

[1] یہ سنہ ۱۹۲۰ء کا ذکر ہے۔ اب یہ فہرست بائیس ضخیم جلدوں میں مکمل ہو چکی ہے۔ ڈاکٹر عظیم الدین سابق صدر شعبۂ عربی و فارسی جامعہ پٹنہ اب اپنی خدمت سے سبکدوش ہو چکے ہیں، اور گزرے ہوئے زمانے کی مٹتی ہوئی تصویر بن گئے ہیں۔ سر ڈینی سن راس بھی مدت ہوئی اللہ کے پیارے ہو چکے۔ اور ابھی ابھی یہ خبر ملی کہ ڈاکٹر عظیم الدین بھی اللہ کے پیارے ہو گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

میں دیکھیں گے۔ ان مُہروں میں تیمور ——— تاتاری تیمور لنگ ——— سے لے کر آخر تک پورا نسب نامہ کندہ ہے۔ بلکہ ان کا نسب نامہ تو اس سے بھی آگے جاتا ہے۔ ایک شاعر نے تند خو تیمور کی یہ کہہ کر مدح کی ہے کہ وہ چنگیز خاں کے گلستاں کا مہکتا گلاب ہے۔ اس عظیم الشان خاندان کی تاریخ کی حیثیت سے اس میں کوئی نئی اور نادر بات نہیں کیونکہ اس کے مطالب بڑی حد تک شرف الدین علی یزدی اور بابر کی مشہور خود نوشت سوانح "تزک بابری" سے نقل کیے گئے ہیں۔ لیکن اکبر کے دور آخری اُنیس سال کا جو حال اس میں ملتا ہے وہ مصنف نے عینی شاہد کی حیثیت سے لکھا ہے۔ مصوری اور صناعی کے لحاظ سے یہ کتاب آرٹ کا ایک بے بہا خزانہ ہے۔ اس کے کم سے کم (۱۳۳) ورق مصورہ ہیں۔ یہ تصویریں اکبر کے زمانے کے بعض نہایت مشہور مصوروں کے قلم کی ہیں ہر ورق کے نیچے اس مصور کا نام لکھا ہے جس نے یہ تصویر بنائی ہے۔ مشرق میں یہ چیز بہت کم دیکھنے میں آتی ہے۔ یہاں ان مصوروں اور ان تعمیر کاروں کے نام بہت کم یاد رکھے جاتے ہیں جنہوں نے بڑے بڑے شہنشاہوں کے ناموں کو لافانی بنانے میں بہت بڑا حصہ ادا کیا ہے۔ لیکن اکبر اور جہانگیر کے درباروں میں مصوروں کو بڑی اونچی جگہ ملتی تھی۔ ان میں سب سے زیادہ نامور مصور ایران کے شہر شیراز کا رہنے والا خواجہ عبدالصمد تھا۔ اس نے ہمایوں کو خطاطی اور مصوری سکھائی تھی۔ عبدالصمد کو اکبر کے عہد میں بہت بڑا منصب عطا ہوا۔ اس کی باریک بینی اور اس کے قلم کی پرکاری ——— اسی چیز نے اسے اپنے ہم عصروں سے "شیریں قلم" کا لقب دلایا تھا ——— کچھ ایسی حیرت ناک تھی کہ کہتے ہیں اس نے خشخاش کے ایک دانہ پر قُل کی سورۃ لکھ دی تھی۔ قُل کی یہ سورۃ قرآن کی ایک سو بارہویں سورۃ ہے اور اتنی مقدس

اور متبرک ہے کہ خود قرآن کے ایک تہائی کے برابر سمجھی جاتی ہے۔ اسی مصور عبد الصمد کا بیٹا اور اس کا جانشیں اس درجہ ترقی کر گیا کہ شہنشاہ اکبر کے بیٹے جہانگیر کا وزیر اور خانخاناں بنا۔ اس کتاب میں خود عبد الصمد کے قلم کی کوئی تصویر نہیں۔ لیکن اس میں عبد الصمد کے شاگردوں کی بنائی ہوئی بہت سی تصویریں ہیں اور بہت ممکن ہے کہ یہ اس کی نگرانی میں تیار ہوئی ہوں۔ یا پھر یہ بات ہو کہ اسے اپنے سے کم درجے کے لوگوں کے ساتھ اپنا نام ثبت کرنا اپنی شان سے گری ہوئی بات معلوم ہوئی ہو۔ بہت سی تصویریں ایسی ہیں جن کا نقشہ ایک مصور نے تیار کیا ہے اور دوسرے مصور نے اس میں رنگ بھرا ہے۔ بعض نہایت اچھی تصویروں پر بسون اور مسکین کے نام لکھے ہیں۔ ہر مصور کا کام ایک امتیازی شان رکھتا ہے۔ اس کتاب کا پڑھنے والا اگر اس کتاب سے مانوس ہو جائے تو بہت جلد ہر مصور کے قلم پہچان لے گا۔ ان ورقوں کے اندر تیس مصوروں کے نام نظر آتے ہیں۔ ان میں سے تیرہ نام تو ایسے مصوروں کے ہیں جو ابو الفضل کی مرتب کی ہوئی اکبری دربار کے سترہ مصوروں کی فہرست میں ملتے ہیں۔

ان تصویروں میں چاہے کوئی تصویر لے لیجئے، ہر ایک میں بس واقعات ہی واقعات دکھائے گئے ہیں۔ ان پر سونے کا کام کیا گیا ہے۔ پھر رنگ برنگ کی میناکاری سے انہیں مزین کیا گیا ہے۔ یہ ایسے لوگوں کا کارنامہ ہے جن کے پاس وقت کا سوال کچھ اہم نہ تھا بلکہ اپنے آقا کی خوشنودی ہی سب کچھ تھی۔ جملہ تصویروں میں سے اُناسی تصویریں تیمور کی زندگی سے متعلق ہیں۔ یہ اس تیمور کی تصویریں ہیں جو "فتنۂ عالم" تھا۔ یہ تصویریں تیمور کی زندگی کے اس دور سے شروع ہوتی ہیں جب وہ چھوٹا سا بچہ تھا،

اور ایک معصوم اور نو نہال بچے کی طرح اپنے ساتھیوں کے ساتھ کھیلتا تھا۔ پھر یہ تصویریں اس کی موت پر ختم ہو جاتی ہیں جب کہ وہ ایک جہان کا خون اپنی گردن پر لئے اس دنیا سے چلا ہے۔ محاصرے اور لڑائیاں مصوروں کا مرکز موضوع رہا ہے۔ ان کی فہرست ہی سے ایک طرف دمشق سے لے کر دہلی تک اور ایک طرف برف پوش بدخشاں سے لے کر نیلی وادی نیل تک ایشیا کے ایک بڑے حصہ کا جغرافیہ نظروں کے سامنے پھر جاتا ہے۔ یہ انسانوں کے قتل عام اور بھالے برچھے اور گھونسے کی کہانی ہے۔ یہ لڑائی میں جوانمردی، اور فتح کے بعد قصابی کی کہانی ہے، یہ ندیوں کو پار کرنے اور قلعوں پر یورشوں کی کہانی ہے۔ دربار کے مصوروں نے ان کی ٹھیک ٹھیک عکاسی کی پوری پوری کوشش کی ہے۔ لیکن جہاں انہوں نے فاتح کے بچپن اور اس کی جوانی، مسجدوں اور باغوں کے پرسکون چاردیواریوں کے اندرونی منظر کو دکھایا ہے جن میں چڑیاں چہچہا رہی ہیں، نہروں کا پانی سریلے الاپ کے ساتھ بہہ رہا ہے، اور جن میں موذن کی آذان مومنوں کو نماز کے لئے بلا رہی ہے، وہاں ان مصوروں نے ان تصویروں میں اپنے قلم کا پورا زور صرف کر دیا ہے اور انہیں جی جان سے بنایا ہے۔ ایسی ہی تصویروں کو دیکھ کر ــــ ہر وہ شخص جو لڑائی کے اس غم انگیز پہلو کو دیکھ چکا ہو ــــ ایک طرح کی تازگی اور ایک طرح کی خوشی اپنے اندر محسوس کرتا ہے۔

لڑائی کی جتنی تصویریں ہیں ان میں سے ایک تصویر پر ان دنوں کافی بحث ہوئی ہے۔ یہ تصویر سنہ ۱۴۰۰ء سے متعلق ہے اور اس میں تیمور کے محاصرۂ بغداد کا منظر دکھایا گیا ہے۔

اس تصویر میں تیمور کو دجلہ کے اوپر بنے ہوئے ایک پل پر دکھایا گیا

ہے۔ بغداد کا والی اور اس کی بیٹی ــــــ جس کی صورت پردے کے پیچھے سے مدھم سی نظر آتی ہے کیونکہ ایسے وقت میں بھی اس سے پردہ کرنا ضروری جانا تھا ــــ ایک کشتی میں بیٹھ کر فرار ہو رہے ہیں۔ ان پر تیمور کے تیر اندازوں کے تیر برس رہے ہیں۔ باپ بیٹی دونوں پانی میں کود پڑتے ہیں اور ڈوب جاتے ہیں۔ ملاح فاتح کی خدمت میں بغداد کے والی سراج کی لاش پیش کرتے ہیں۔ وحشیوں کی طرح بے رحم تیمور بغداد کے لوٹنے کا حکم دیتا ہے۔ اس محاصرے کے ایک عینی شاہد نظام شامی نے اپنے ظفر نامے میں لکھا ہے کہ بغداد کے محاصرے میں اتنے آدمی مارے گئے کہ ان کی لاشوں سے دجلہ کا پاٹ پٹ گیا۔ اس کی وجہ سے دریا کے اس پار جو فتح مند فوج پڑی ہوئی تھی اس کی نظر سے ایک بار دریا ہی اوجھل ہو گیا۔ اسے دریا اور میدان میں کوئی فرق نظر نہ آتا تھا۔ اس نے اپنے دل میں کہا "یہ کیسے لوگ ہیں کہ ان کے نزدیک دریا اور میدان دونوں ایک ہیں ؟"

ایک اور صفحہ پر اسے دکھایا گیا ہے جس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس کا دل جوانی میں اتنا نرم تھا کہ اس کو پیروں تلے ایک چیونٹی کا روندا جانا تک گوارا نہ تھا۔ یہاں وہ اپنے بیٹے سلطان محمد کے ماتم میں نالہ کناں نظر آتا ہے۔ پھر کہیں اسی شہنشاہ کی موت کا منظر دکھایا گیا ہے جس نے لاکھوں بندگان خدا کا خون بہایا تھا۔ پھر تاریخ اس کے بیٹوں پوتوں سے گزر کر بابر کی زندگی اور اس کی مہموں تک آتی ہے۔ بابر ان لوگوں میں تھا جن کی ذات میں مشرق اور مغرب دونوں یکجا ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے سب ہی اس کی صحبت سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اس کی کامرانیوں پر اس کے ساتھ خوش ہوتے ہیں اور اس کی ناکامیوں پر اس کے ساتھ دل سوختہ

ہیں۔ ایک حد درجہ مرصّع صفحہ پر اس کے بیٹے ہمایوں کی ولادت کا منظر دکھایا گیا ہے۔ یہ وہی ہمایوں ہے جس کے لئے آگے چل کر خود بابر اپنی جان صدقے میں دینے والا تھا۔ شہنشاہ بابر ایک تخت پر جلوس کئے ہوئے ہے۔ یہ تخت ایک چھتر کے نیچے رکھا ہے۔ طرح طرح کے رنگوں اور سُنہرے کام سے چھتر جگمگا رہا ہے۔ بابر کچھ ایسے دلکش انداز سے آگے کی طرف جھکا ہوا ہے جو ایک بادشاہ اور ایک شریف آدمی کے شایانِ شان ہے۔ اس طرح آگے کی طرف جھک کر وہ اپنے ساتھیوں سے باتیں کر رہا ہے۔ اس کے یہ ساتھی ایک ایرانی قالین پر نیم دائرے کی صورت میں اس کے قریب ہی بیٹھے ہیں۔ ان کے آگے شراب کے پیالے رکھے ہیں اور خادم لذیذ کھانوں کی کشتیاں لا رہے ہیں۔ پاس ہی ایک دیوار پر ایک سوداگر اپنے جواہر نگاریوں کی نمائش کر رہا ہے۔ قلعہ کے دروازے کے باہر رعایا خوشیاں منا رہی ہے۔ غریبوں میں خیرات بانٹی جا رہی ہے۔ شہنائی اور قرنوں کی آواز سے پوری فضا معمور ہے۔ یہاں جو منظر پیش کیا گیا ہے۔ وہ ہندستان کا نہیں وسط ایشیا کا ہے۔

ایک اور رنگین صفحہ پر اس سے بھی زیادہ ایک اہم واقعہ کو پیش کیا گیا ہے۔ یہ شہنشاہ اکبر کی ولادت کا منظر ہے۔ اس تصویر میں ایک عورت کے دردِ زہ اور ایک مرد کی سنجیدہ مسرت کی پوری کہانی نہایت سیدھے سادے لیکن بڑے دلکش انداز میں بیان کی گئی ہے۔ ماں اپنے سادے سے سبز رنگ کے لباس میں تھکی ماندی ایک پلنگ پر پڑی ہے۔ اس وقت وہ خود بھی اپنی عمر کے لحاظ سے بچّی ہی تھی۔ نومولود بچہ کپڑوں میں لپٹا ہوا کئی مشتاق خادماؤں میں گھرا ہوا ہے۔ تصویر کے ایک

گوشے میں خوابگاہ کے بغیر ایک پالنا ناچتی، گاتی اور خوشیاں مناتی عورتوں کے درمیاں دکھایا گیا ہے۔

تصویر کے بیچ میں کچھ نجومی آیندہ ہونے والے شہنشاہ کا زائچہ کھینچتے دکھائے گئے ہیں۔ ایک طرف چند سوار یہ خوشخبری پہنچانے کے لئے باپ کے پاس دوڑے جا رہے ہیں۔ ہمایوں کو اپنے خیمے کے اندر دکھایا گیا ہے۔ وہ ایک مسند پر بیٹھا ہے اور مسند ایک نہایت ہی شاندار قالین پر بچھی ہے۔ بظاہر وہ نہایت پرسکون اور مطمئن نظر آتا ہے اور بڑی دلچسپی کے ساتھ اپنے وزیر تردی بیگ کی باتیں سن رہا ہے۔ ہمایوں اور تردی بیگ کے کپڑوں کی نقاشی میں مصور نے اپنی فن کاری کے جوہر خوب دکھائے ہیں۔ غرض جہاں سادگی کے اظہار کی ضرورت تھی اور جہاں آرائش دکھانے کی ضرورت تھی، مصور نے دونوں اپنے موقع و محل سے دکھائی ہیں۔ تصویر کی حد تک تو یہ باتیں ٹھیک ہیں لیکن واقعہ یہ کہ اکبر کی ولادت اس سے کہیں زیادہ مصیبت کے ماحول میں ہوئی تھی۔ بلکہ بعض تو یہاں تک کہتے ہیں کہ وہ ایک کھیت میں پیدا ہوا تھا۔ اس کا باپ ابھی بادشاہ تھا، لیکن جب اسے اس بیٹے کی ولادت کی خبر ملی ہے، اس وقت وہ انتہائی افلاس اور تنگدستی کے عالم میں اس ملک سے فرار ہو رہا تھا۔ ہمایوں کے جام بردار کا بیان ہے کہ یہ خبر سن کر ہمایوں نے "ایک چینی کی رکابی اور مشک کا ایک نافہ طلب کیا۔ اس کے بعد اس نے مشک کے نافہ کو توڑا، اور اسے اونچے درجے کے ساتھیوں میں یہ کہہ کر تقسیم کر دیا" اپنے فرزند کی ولادت کے موقع پر فی الحال جو کچھ میں دے سکتا تھا، وہ بس یہی ہے۔ مجھے یقین ہو کہ اس بچے کا نام بہت بلند ہوگا اور اس کی شہرت چار دانگ عالم میں پھیل جائے گی، بالکل ایسے ہی،

جیسے اس وقت مشک کی خوشبو اس کمرے میں پھیل گئی ہے!

ایک اور شاندار صفحہ پر خود ہمایوں کی زندگی کے ایک خوش نصیب لمحے کی عکاسی کی گئی ہے۔ یہ قلعہ چمپانیر کی فتح کی تصویر ہے شہنشاہ ہمایوں خود بھی اپنی نسل کے پچھلے لوگوں کی طرح ایک بہادر آدمی تھا۔ اس نے اگر ذرا بھی کمزوری دکھائی ہوتی تو وہ اور اس کا خاندان دونوں ہمیشہ کے لئے ہندوستان کے تخت و تاج سے محروم ہو جاتے۔ اس تصویر میں شہنشاہ قیمتی زرہ بکتر پہنے فصیل کے اوپر کھڑا ہے۔ رات کے وقت اپنے مٹھی بھر ساتھیوں کے ساتھ ایک بڑی اونچی ڈھلوان چٹان پر چڑھ کر وہ یہاں پہنچا تھا۔ اس کے ساتھ اس کا وزیر بیرم خاں بھی ہے۔ یہ بیرم خاں اس خاندان کا گویا بسمارک تھا۔ قلعہ کے عظیم الشان دروازے کے اندر ہمایوں کی فوج کے بڑے بڑے سردار جو شاندار زرہ بکتر پہنے ہوئے ہیں، اور گھوڑوں پر سوار ہیں اور پیدل فوج کے سپاہی جو تلواروں اور ڈھالوں سے لیس ہیں، حملہ کرنے کے لئے آگے بڑھ رہے ہیں۔ یہ قرونِ وسطیٰ کا ایک منظر ہے۔ ایسے ہی لیکن شان و شکوہ میں اس سے کہیں کمتر مناظر اس سے کچھ پہلے کے زمانے کے یورپ میں عام طور پر دکھائی دیتے ہیں۔

آخر میں ان (۱۳۳) رنگین صفحوں سے جو کتاب کی جان ہے، ایک اور تصویر پیش کی جاتی ہے۔ یہ اکبر کی جوانی کی تصویر ہے اور اس تصویر میں چتوڑ کے قلعہ کے محاصرہ کا منظر پیش کیا گیا ہے۔ یہ سسودھیا خاندان کے قابل فخر پایۂ تخت کی تصویر ہے جب اس پر مصیبت کی گھٹائیں چھائی تھیں اور جب خود شہنشاہ نے اپنی بندوق سے مقابل کی دیوار پر کھڑے ہوئے بہادر جے مل کو مار گرایا تھا۔ اور یہی جے مل مدافعت کی روح رواں اور

اس کی جان تھا۔ اسی جے مل کی ایک تصویر جس میں وہ ہاتھی پہ بیٹھا ہوا دکھایا گیا ہے۔ دہلی کے لال قلعہ کے ایک شاندار دروازہ کی زینت بنی ہوئی ہے۔ اس تصویر کو ہندوستان کے وائسرائے نے لارڈ کرزن کے حکم پر میکنزی نامی ایک مصور نے وہاں پتھر سے بنا کر محفوظ کیا ہے۔ اس تصویر میں راجپوت عورتیں جو جلد ہی جوہر کی خوفناک رسم ادا کرنے والی ہیں جے مل کا ماتم کرتی ہوئی رو رہی ہیں۔ قلعہ کے باہر محاصرہ کرنے والوں کی بڑی بڑی توپیں اپنا منہ کھولے آگ برسا رہی ہیں۔ ہاتھی اور سوار ہجوم کر کے حملہ کرنے کے لئے بڑھ رہے ہیں۔ تصویر میں قرون وسطٰی کے محاصرے کی ساری پھرتی پوری پوری دکھائی دیتی ہے اور مشرق کی شان و شوکت اس کے سوا ہی ہے

ایسے مناظر ہمیں اس زندگی کے قلب تک پہنچا دیتے ہیں جو اب برِ اعظم ہند سے مٹ چکی ہے۔ اب چتوڑ کا قلعہ اپنی پچھلی شان و شوکت کے مناظر کے درمیان تنگ مند اور اداس کھڑا ہے اور مغلوں کا نام بھی اب کسی زمانے کی کڑک کی مدھم سی بازگشت کے سوا اور کچھ نہیں رہا۔ رہے نام اللہ کا!

اس کتاب پر جس کے اندر ایسی ایسی چیزیں پیش کی گئی ہیں، شاہجہاں کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک عبارت بھی درج ہے۔ اس میں شاہجہاں نے بتایا ہے کہ تیمور اور اس کے جانشینوں کی یہ تاریخ جو اکبر کے جلوس کے انیسویں سال پر ختم ہوتی ہے، "شاہ بابا" کے عہد میں لکھی گئی "شاہ بابا" سے مراد خود شہنشاہ اکبر ہے۔ اور اسی پیار کے نام سے شاہجہاں بچپن سے لے کر بڑھاپے تک اپنے دادا کا ذکر کرتا رہا۔ تحویل کی کئی مہریں اور "عرض دیدہ شد" کی عبارتیں اس کتاب کے مستند ہونے کی تصدیق کرتی ہیں۔ خان صاحب

عبدالمقتدر خاں نے ثابت کیا ہے کہ یہ کتاب وہی چنگیز نامہ ہے جس کا ذکر ابوالفضل نے شہنشاہ اکبر کے لئے مصور کی ہوئی نو اہم کتابوں میں کیا ہے۔ وارن ہیسٹنگز کے زمانے کے ایک مستشرق اور مورخ فرانسس گلاڈون کا نام اس ورق کے ایک گوشے میں نظر آتا ہے جس پر شہنشاہ شاہجہاں کی تحریر درج ہے۔ ایک اور فارسی عبارت میں لکھا ہے کہ اس کتاب کی قیمت آٹھ ہزار روپئے ہے۔ آج ہزاروں پونڈ میں بھی اس کا خریدنا ممکن نہیں۔ اگرچہ اس کی تصویریں آرٹ کی ان بلند ترین سطحوں تک نہیں پہنچ سکی ہیں جیسی راجہ منوہر سنگھ کی بنائی ہوئی تصویر "شاہجہاں کی جہانگیر سے رخصتی" جیسے شاہکار پیش کرسکے ہیں، پھر بھی اپنی نفاست اور رنگ کاری کے لحاظ سے یہ تصویریں بھی کچھ کم حیرت انگیز نہیں ہیں۔

اس بے بہا خزانے کے بعد آرٹ کا ایک اور شاہکار ملاحظہ ہو، یہ کچھ اور بعد کے زمانے کی کتاب ہے۔ یہ شاہجہاں کے عہد کی تاریخ "بادشاہ نامہ" ہے۔ اس کے اندر مصوروں نے اپنی ان تھک محنت سے جو تصویریں بنائی ہیں ان پر ایک نظر ڈالتے ہی سے آپ یہ محسوس کرلیں گے کہ مغلوں کی نسل میں کتنی تبدیلی پیدا ہوچکی ہے۔ یہاں جو لوگ، ہر مرزا اور ہندستان کی بے حساب دولت کے درمیان دکھائے گئے ہیں، اب بابر، ہمایوں اور اکبر جیسے دکھائی نہیں دیتے۔ بلکہ یہ لوگ ایسی نسل کے آدمی معلوم ہوتے ہیں جو آب و ہوا کی تبدیلی اور ہندوؤں میں شادی بیاہ کی وجہ سے ہندستانی بن چکی تھی۔ یہ بات ان کے چہروں سے بھی صاف ٹپکی پڑتی ہے۔ مغل بچّے کی وہ زندہ دل مردانگی جس کے ساتھ وہ ایک بڑی مملکت کی تلاش میں ہندستان آیا تھا۔ اور اپنی مہموں کے دوران میں اس نے یہاں کے ہر ندی نالے کو تیر کر پار کرلیا تھا۔

اب اس مغل بچّے کی اس مردانگی کی جگہ ہندستان کے شہنشاہ کی شان وشکوہ نے لے لی ہے۔ شاہجہاں کے چہرے پر ایک سنجیدہ اُداسی برس رہی ہے۔ اور رزم کے پرخطر مناظر کی جگہ اب بزم کی شاندار رسوم کی جھلکیوں نے لے لی ہے۔ چتوڑ کے محاصرے میں جہاں اکبر زرہ بکتر پہنے میدان کارزار میں ڈٹا نظر آتا تھا اب وہاں داراشکوہ کے بیاہ کا منظر سامنے آتا ہے۔ سخت گوش ترک کی جگہ اب ہندستان کے تخت پر اس کا پوتا متمکن نظر آتا ہے جس کی رگوں میں تین چوتھائی ہندستانی خون دوڑ رہا ہے۔ اس کتاب کی آخری تصویروں میں عظیم المرتبت شہنشاہ شاہجہاں کے جنازے کے مناظر پیش کئے گئے ہیں شہنشاہ کا جنازہ تاج محل کی طرف جا رہا ہے۔ اسی تاج محل کی طرف جا رہا ہے جس کے اندر وہ زمانے کے انقلابوں سے بے نیاز اپنی محبوب بیوی کے پہلو میں ابدی نیند سو رہا ہے۔

ان خالص ہندستانی مناظر کے بعد آیئے ایک حسینی کے شہنشاہ نامے کی سیر کریں یہ کتاب ہمیں ترکی کے عثمانی سلطان کے ساتھ میدان کارزار میں پہنچا دیتی ہے۔ یہ نفیس اور بے نظیر کتاب جو سلطان محمد سوم کے نام معنون کی گئی ہے، سولہویں صدی عیسوی کے آخر میں بمقام قسطنطنیہ اسی سلطان کے لئے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب اس سلطان کے شاہی کتب خانے میں داخل رہی۔ پھر نہیں معلوم کس طرح وہ شاہجہاں کے عہد میں ہندستان پہنچ گئی۔ یہاں پھر وہ شاہی خزانے میں داخل ہو گئی۔ اس کتاب کے اوپر کئی مُہریں اور تحریریں ثبت ہیں۔ ان میں شہزادوں اور بادشاہوں کی تحریریں اور مُہریں بھی ہیں۔ ایک اپنے باپ کی دیوانی اور مقبرۂ تاج محل میں آرام کرنے والی بیگم کی بیٹی جہاں آرا بیگم کی تحریر ہے۔ شاہجہاں کی اس دُلاری

بیٹی نے اپنے نامور باپ کی زندگی کے آخری دنوں میں اس کی اسیری کی مصیبت کو اپنی بے لوث خدمت سے قابل برداشت بنا دیا تھا۔ جہاں آرا بیگم کا فانی جسم دہلی میں حضرت نظام الدین اولیاء کے پائیں خاک کے ایک تودے کے نیچے خوابیدہ ہے۔ خاک کے اس تودے پر سبزہ اُگا ہوا ہے اور سرہانے مرمر کا ایک کتبہ لگا ہے جس پر یہ مشہور شعر کندہ ہے ؎

بغیر سبزہ نپوشد کسے مزار مرا — کہ قبر پوش غریباں ہمیں گیاہ بس است

روشن آرا بیگم خود بھی ادیبہ اور شاعرہ تھی۔ اس کی لکھی ہوئی چھوٹی سی فارسی کتاب "مونس الارواح" جو حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رح کے سوانح حیات پر ہے، آج بھی ہندستان میں شوق سے پڑھی جاتی ہے۔

جہاں تک معلوم ہو سکا ہے دنیا میں شہنشاہ نامہ کا اور کوئی نسخہ موجود نہیں۔ اس لئے بھی کتب خانے کے بیش بہا جواہرات میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ اس میں جو تصویریں بنائی گئی ہیں وہ ہندستانی یا ایرانی قلم سے بالکل ہی مختلف ہیں۔ ان تصویروں پر بازنطینی اثر نمایاں ہے۔ ان میں کے بعض مناظر تو عالمی تاریخ سے متعلق ہیں۔ یہاں ہمیں سلطان محمد (ثانی) فاتح کی کمان میں اسلامی فوجیں قسطنطنیہ پر حملہ کرتی نظر آتی ہیں۔ پھر باسفورس سے ان کے گزرنے کا منظر دکھائی دیتا ہے۔ ایک تصویر میں سلطان سلیم کو مصر کے آخری عباسی خلیفہ محمد متوکل باللہ سے رسول اللہ صلعم کا پرچم اور حضور کی ردا حاصل کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ اسی پرچم اور اسی ردا کی بنا پر عثمانلی ترک سلاطین کو اسلام کی دینی قیادت یعنی خلافت کا حق حاصل ہوا تھا۔ یورپی زرہ بکتر پہنے ہوئے فوجی سردار اور جان نثاری جن کے لباس یونانی کلیسا کے جبوں کی یاد تازہ کرتے ہیں، مشرق کے عمامے

اور نیچے پہنے ہوئے لوگوں میں گھُلے ملے نظر آتے ہیں۔ اس لئے اگر یہ کتاب مغلوں کے خزانے میں داخل رہی ہے تو کوئی تعجب کی بات نہیں۔

اس کے بعد اب ذرا فردوسی کے شاہنامے کے ایک شاندار نسخے کو پیش کرنے کی اجازت ہو۔ فارسی کی یہ شاندار نظم دنیا کی بڑی بڑی رزمیہ داستانوں میں شمار ہوتی ہے۔ اس کی ابتداء بخت و اتفاق سے اس کے مواد کو لیجئے پینتیس سال کی محنت کے بعد شاعر کی عمر کے اسّی ویں سال میں اس کی تکمیل کی کہانی سرتاسر رومان سے بھری ہے۔ سلطان محمود غزنوی نے یہ شاہنامہ لکھنے کا حکم دیا تھا۔ اسی سلطان نے ہندستان پر بارہ سے زیادہ حملے کر کے اپنے خزانے خوب بھرے تھے۔ کہتے ہیں سلطان نے جتنا انعام دینے کا وعدہ کیا تھا، اُتنا انعام نہ دیا۔ پھر ایک مدت کے بعد اپنے کئے پر پچھتایا اور انعام بھیجا تو اس وقت شاعر بستر مرگ پر پہنچ چکا تھا۔ ادھر سلطان کے قاصد شاعر کے شہر طوس میں سلطان کے انعام سے لدے پھندے اونٹوں کو لئے داخل ہوئے ادھر شہر کے دوسرے دروازے سے اس کا جنازہ قبرستان جا رہا تھا۔ شاعر کی عالی ہمت بیٹی نے سلطان کا انعام لینے سے انکار کر دیا۔ یہ ایک بہت پرانی کہانی ہے۔ لیکن ایسی کہانی ہے جو کبھی بھلائی نہ جا سکے گی۔ جب تک کتابیں پڑھی جاتی رہیں گی اور جب تک انسانیت کے شاہزادوں کے پاس قابل اور لائق لوگوں کی قدر باقی ہے، اس کہانی کو بھلانا ممکن نہ ہوگا۔

اس کتب خانے میں شاہنامہ کا یہ نسخہ دس ہزار شعر کے بعد نامکمل ہے اور سنہ ۱۵۳۹ء سے زیادہ پرانا نہیں۔ یہ نسخہ مشہور ایرانی امیر، علی مردان خاں نے شہنشاہ شاہجہاں کے حضور میں بطور نذر پیش کیا تھا۔

یہ علی مردان خاں کابل اور کشمیر کا صوبہ دار تھا اور اسی نے مغلوں کی بنائی ہوئی شہروں کا نقشہ تیار کیا تھا۔ آج بھی اس کی قبر لاہور کی فصیل کے باہر تباہ حالت میں موجود ہے۔ جس نے یہ نذر پیش کی ہے اور جس کے حضور میں پیش کی گئی ہے۔ یہ کتاب دونوں کے شایاں شان ہے۔ اسے نہایت حسین طلا کار ایرانی تصویروں سے مزین کیا گیا ہے۔ متن نہایت خوبصورت واضح اور پختہ نستعلیق خط میں سنہری خط کھینچ کر چار جدولوں میں لکھا گیا ہے ابتدا میں دو عنوان حد درجہ آراستہ اور حد درجہ پیراستہ ہیں۔ پھر دو صفحوں پر پھیلی ہوئی ایک طلا کار منقش تصویر ہے۔ اس کے گرداگرد بہت ہی خوبصورت بوقلموں حاشئے دئے گئے ہیں۔ اس کے آخری دو صفحے شروع سے آخر تک سنہری عنوانوں کے ساتھ سونے سے لکھے گئے ہیں اور ان پر ہر طرف رنگا رنگی پھول بنائے گئے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ شاہوں کے لائق چیز ہے۔ اس کا مسحور کن حسن دیکھنے والوں کو اس کے اپنے ماحول سے اٹھا کر گویا تخت سلیماں پر بٹھا کر اڑاتا اور آج سے دو سو ساٹھ سال پہلے کی دنیا میں پہنچا دیتا ہے۔ اس دنیا میں پہنچاتا ہے جب یہ کتاب دربار عام میں اس شہنشاہ کے حضور میں نذر گزرانی گئی تھی کہ شان و شکوہ میں اس سے بڑھ کر کوئی شہنشاہ دنیا کے کسی تخت پر نہ بیٹھا ہوگا۔ سنہ ۱۹۱۱ء میں دہلی دربار کے موقع پر یہ تاریخی کتاب ملک معظم شہنشاہ جارج پنجم کے سامنے پیش کی گئی تھی۔ آنے والے زمانے کے لئے ملک معظم کے دستخط اس واقعہ کی شہادت دے رہے ہیں

یہاں شاہنامہ کا ایک اور نسخہ بھی ہے۔ یہ نسخہ پہلے نسخے سے زیادہ پرانا اور اس سے بھی زیادہ خوبصورت ہے۔ اس کے صفحوں کے اطراف چینی نقاشی کا چوڑا حاشیہ دیا گیا ہے۔ اس حاشیہ میں کیکڑے، اژدھے

چڑیاں، بھیڑیے اور طرح طرح کے پھول بنائے گئے ہیں۔ اس کا ابتدائی صفحہ یا "عنوان" زیتونی رنگ کے سونے سے لکھا گیا ہے اور اپنی قدیمی چرمی جلد کی طرح جو نہایت درجہ طلا کار ہے، حد درجہ خوبصورت ہے۔ اس کتاب میں اور اس سے پہلے کی کتاب میں جو تصویریں بنائی گئی ہیں، ان دونوں میں تصویروں کے پرکھنے والے کو کئی بار انتخاب کے سلسلہ میں بڑی دشواری پیش آئے گی۔ عام طور پر یہ تصویریں ایک ہی موضوع کو پیش کرتی ہیں اور ان دونوں کا آپس میں مقابلہ کرنا بڑا دلچسپ اور دلکش مشغلہ ہے۔ شان و شکوہ کی دلکش دنیا، بادشاہوں اور درباروں کی دنیا، اور رزمگاہوں کی دنیا، بوستانوں کی دنیا، اور مشرق کے روایتی گلستانوں میں بہار کی آمد کی دنیا —— کیسی کیسی دنیاؤں کی یہ تصویریں سیر کراتی ہیں۔ کہیں چوگان بازی اور شکار کے مناظر، کہیں شیروں اور برفانی چیتوں کی تصویریں خزاں میں چنار کے پیڑ، اور سنہرے پیڑوں پر پھدکتی ہوئی چڑیاں، ہلاکت خیز لڑائی لڑتے ہوئے سہراب اور رستم، شہد بن پر سوار شعلوں سے گزرتا ہوا شاؤس، نیلے آسمان کی طرف کھلنے والے دریچوں سے جھانکتی ہوئی مہ لقائیں، عجیب و غریب چینی بادل جو کہیں سفید ہیں تو کہیں سنہری پھریروں جیسے، سرو و صنوبر سے پٹے ہوئے گلستان بڑے بڑے دروازے اور ایوان، اور ان پر شنگرفی اور ارغوانی آسمانی، بادامی اور چھینٹ نما ٹائیل، محاصرے اور لڑائیاں، فصیلوں پر چڑھتے ہوئے آدمی، تلواروں اور بھالوں کی تیز کاٹ سے مرتے ہوئے زخمی، اور مدافعت کرنے والوں کے لڑھکائے ہوئے بڑے بڑے پتھروں کے نیچے کچل کر مرنے والے بدنصیب!

اس کتاب خانہ کی ایک برکت یہ ہے کہ ان نفیس اوراق کی سیر کے دوران میں انسان ان میں کچھ ایسا ڈوب جاتا ہے کہ اپنے وجود تک سے بے خبر ہو جاتا ہے۔

شاہنامہ کے بعد اب ایک ایسے مصنف کی کتابیں دیکھئے جو فردوسی کے بہت بعد گزرا ہے۔ یہ مشہور عارف اور صوفی شاعر مولانا عبدالرحمٰن جامی ہیں۔ جامی ایران کے کلاسیکل شعرا میں آخری بڑے شاعر مانے جاتے ہیں۔ ہمارے کتب خانے میں جامی کی کتابوں کے کئی نفیس نسخے موجود ہیں۔ ان کتابوں کی خوبیاں بیان کرنے کے لئے باریک چھپی ہوئی فہرست کے کم سے کم بتیس ۳۲ صفحے چاہئیں۔ پہلی بڑی لڑائی سے پہلے سنٹ پیٹرز برگ (موجودہ لینن گراڈ) کے کتب خانے میں دیوان غزلیات جامی کا جو نسخہ تھا، اس کی بڑی شہرت ہوئی تھی، پتہ نہیں بادصرصر کے جھونکے اب اسے کہاں سے کہاں پہنچا چکے ہیں۔ کہتے ہیں اسی نسخے کا آدھا حصہ یہاں رکھا ہے۔ ان کتابوں میں سلسلۃ الذہب کا ایک نسخہ بھی ہے۔ قدرشناسوں کے نزدیک اس نسخہ کی اہمیت بہت زیادہ ہے کیونکہ یہ خود مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس میں مصنف نے اپنے فرزند کی ولادت کی تاریخ درج کی ہے اور سچے اسلامی انکسار کے ساتھ اپنی مغفرت چاہی ہے۔ اس چھوٹی سی نایاب کتاب کے پچھلے مالکوں کی تمام مُہریں اور تحریریں یہاں پہنچنے تک ان ماخذوں کو چھپانے کے لئے مٹا دی گئی ہیں جہاں سے یہ چرائی جاتی رہی ہے۔ ایک اور کتاب مثنوی سلمان وابسال کا نسخہ ہے جو کچھ ایسا اہم نہیں۔ لیکن یہ وہی مثنوی ہے جو اڈورڈ فزجیرالڈ نے سنہ ۱۸۷۹ء میں انگریزی کا جامہ پہنایا تھا۔

پہ لیجیے، یہ مثنوی یوسف زلیخا کا ایک نسخہ ہے۔ یوسف زلیخا کی داستان حضرت یوسف علیہ السلام اور فرعون مصر کی بیوی کی داستان الفت کی اسلامی روایت ہے۔ یہ مثنوی جامی کی تصانیف میں سب سے زیادہ مقبول ہے۔ مثنوی کا یہ نسخہ صد درجہ مرصع ہے۔ لیکن اہل مشرق کی نظر میں اس کی سب سے بڑی خوبی اس کی خطاطی کا کمال ہے۔ اور یہ مشہور خطاط میر علی ہروی کے قلم کا اعجاز ہے۔ خطاطوں کے اس بادشاہ نے یہ کتاب سنہ ۱۵۲۳ء میں لکھی تھی اور عبدالرحیم خانخاناں نے اسے شہنشاہ جہانگیر کے حضور میں بطور نذر پیش کیا تھا۔ یہ واقعہ ایسا اہم تھا کہ اسے شاہی دربار کے ایک ہم عصر مورخ نے بھی ضبط تحریر میں لانا ضروری جانا ہے۔ اس وقت —— یعنی شہنشاہ کے حضور میں پیش ہو کر اس کی اہمیت میں مزید اضافہ ہونے سے بھی پہلے —— اس کی قیمت ایک ہزار طلائی مہر میں قرار پائی تھی۔ خانخاناں، اکبر کے وزیر بیرم خاں کا بیٹا تھا۔ جیسا رزم کا دھنی اور جیسا بساط سیاست کا شاطر تھا، ویسا ہی اپنے اعلیٰ علمی اور ادبی ذوق کے لئے مشہور تھا۔ اس کی تصانیف میں ترکی سے بابر کی تزک کا فارسی میں ترجمہ بھی شامل ہے۔ جو کوئی اس کے مقبرے کی زیارت کا آرزومند ہے وہ اس کی موجودہ ویرانی اور بربادی کو دیکھ کر ضرور دلگیر ہوگا اس پر لگا ہوا سارا سنگ مرمر اُتار لیا گیا ہے اور جانتے ہو یہ کام اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں جیسے عظیم المرتبت شہنشاہوں کے جانشین شہنشاہ شاہ عالم نے چند ٹکوں کے لئے کیا ہے۔ اسی یاس انگیز حالت میں یہ مقبرہ دہلی میں ہمایوں کے مقبرے کے قریب کھڑا ہے۔

اس مثنوی کا ایک ہی نسخہ نہیں۔ یہاں اس کا ایک اور نسخہ بھی ہے جو یہاں کے لحاظ سے کم اہم ہوتے ہوئے بھی نوادرات کے کسی بھی شائق کے دل کا

سرو بن سکتا ہے۔ یہ خطاطی کے نامور استاد میر عماد کے قلم کا کرشمہ ہے میر عماد خطاط ایران کے مشہور صفوی شہنشاہ شاہ عباس اعظم کا ہم عصر تھا[۱۲] اور اس کتاب کی تکمیل کے سات سال بعد سنہ ۱۶۱۵ء میں مارا گیا تھا۔ اس کے رنگین اور مصور ورق جو اس کتاب کی جان ہیں، غیر معمولی حسن و خوبی کے حامل ہیں۔ ایک تصویر میں حضرت یوسف غلام کی حیثیت سے ایک نوعمر لڑکے کے روپ میں، مسافروں سے بھری کشتی میں سوار دریائے نیل کو پار کرتے دکھائے گئے ہیں۔ اسی کے نیچے ایک تصویر ہے۔ اس میں حضرت یوسف زنجیروں میں بندھے مصر کے وزیر کے حوالے کئے جا رہے ہیں۔ کچھ تصویریں ایسی ہیں جن سے وسط ایشیا کی جھلک آ رہی ہے۔ یہ تصویریں ہمارے تخیل کو پر لگا کر ہمیں باغوں میں پہنچا دیتی ہیں، جہاں بہتی نہریں پتھر کی جالیوں سے گزر کر عجیب سریلا راگ سناتی ہیں، جہاں نرگس کے پھول کھلتے ہیں، جہاں ثمردار پیڑ پودوں پر بہار اپنا جوبن نکھارتی ہے۔

اب کچھ دیر کے لئے اپنی تابانی سے آنکھوں کو چکاچوند کرنے والی ان کتابوں سے اپنی نظریں ہٹا کر میں ایک اور کتاب اٹھاتا ہوں۔ بے نظیر خطاطی کو چھوڑ کر اندرونی آرائش سے محروم یہ چھوٹی سی کتاب، جو زمانے کے اثر سے پیلی پیلی اور بھوری بھوری سی ہو گئی ہے، ایک بڑی ہی نادر چیز ہے کچھ اپنی خصوصیات ہی کی وجہ سے نہیں بلکہ بڑے بڑے شہنشاہوں سے وابستہ رہنے کی وجہ سے بھی یہ "دیوان حافظ" کا ایک نسخہ ہے۔ کئی نازک موقعوں پر جب کہ خود ان کی اور ان سے وابستہ لوگوں کی جان کی بازی لگی ہوتی تھی، ہمایوں اور جہانگیر نے اس سے اسی طرح فال لی ہے جیسے ہومر اور ورجل سے یورپ میں فال لی جاتی تھی یا جیسے آج بھی غریب غربا انجیل

مقدس سے فال لیتے ہیں۔ اورنگ زیب جیسے زاہد خشک نے بھی لسان الغیب حافظ سے مدد مانگی تھی۔

اس کتاب کے حاشیوں پر شہنشاہوں نے جو عبارتیں لکھی ہیں وہ ان حالات کو پیش کر دیتی ہیں جن میں اس چھوٹی سی کتاب سے قسمت کا بھید پوچھا گیا تھا۔ ایک جگہ ہمایوں نے ایک شعر کے مقابل ایک عبارت لکھی ہے۔ یہ شعر حضرت یوسف اور برادران یوسف پر ہے، یہ عبارت پڑھ کر ہر شخص پوری طرح اندازہ لگا سکتا ہے کہ شہنشاہ ہمایوں خود اپنے بھائیوں کی جفاؤں کو کیسی تلخی کے ساتھ محسوس کرتا ہے۔ ان ہی بھائیوں کی بے وفائی کی وجہ سے وہ اپنا تخت و تاج تقریباً کھو چکا تھا۔ پھر سنہ ۱۵۵۳ء میں جب وہ ہندستان کو دوبارہ فتح کرنے چلا ہے تو اس کی نظر ایک شعر پر پڑی جس نے اس کی ہمت بندھائی اور اسے اپنی خطرناک مہم پر جانے کے لئے اور اُبھارا۔

ہمایوں کے پوتے جہانگیر نے اس کتاب کو اکثر استعمال کیا ہے۔ ایک جگہ اس نے لکھا ہے کہ سنہ ۱۶۰۹ء میں اس کتاب کی ایک فال نے اس کے ایک درباری کی جان بچالی۔ یہ درباری اس خاندان کے ایک پرانے خادم کا بیٹا تھا اور جہانگیر نے اسے غداری کے جرم میں قتل کر دینے کا حکم دیا تھا لیکن مجرم کو گدھے پر دُم کی طرف مُنھ کر کے بٹھایا گیا اور اسے بازاروں میں ذلت و رُسوائی کے ساتھ گھمانے کے بعد چھوڑ دیا گیا۔ حاشیہ پر شہنشاہ جہانگیر نے لکھا ہے "یہ شعر فتح اللہ کی برأت کے لئے نکلا، اور میں نے اس کے قصور معاف کئے"۔

ہمایوں کی واضح اور مدور تحریر، شاہجہاں کی کھلی کھلی بانکی تحریر، اور جہانگیر کی رواں دواں ڈانواں ڈول مگر خوبصورت تحریر ــــــ جس کے لکھتے وقت وہ اکثر اتنے سرور میں ہوتا تھا کہ ہاتھ کانپ جاتا تھا ــــــ ان

سب تحریروں میں امتیاز پیدا کرنے کے لئے تحریر کے ماہر ہونے کی بالکل ضرورت نہیں۔ اکبر، ہمایوں اور جہانگیر کے درمیان ہوا ہے۔ اس کے قبضے میں بھی یہ کتاب رہی ہوگی۔ اس کے قوی دل نے اگر اسے اس بات کی اجازت دی ہوگی تو اس نے بھی اس چھوٹی سی قیمتی کتاب سے استفادہ کیا ہوگا لیکن اس پر ایسی کوئی تحریری شہادت موجود نہیں جس سے اس پر اکبر کی ملکیت ثابت ہو۔ یہ تو یہ دوسری تمام نفیس اور زیبا کتابیں جن پر دوسرے بادشاہوں کے نام لکھے نظر آتے ہیں لیکن اکبر کا نام ان پر کہیں لکھا نظر نہیں آتا۔ شاید اس لئے نظر نہیں آتا کہ اکبر جو ان تمام شہنشاہوں میں سب سے زیادہ طاقت ور اور سب سے زیادہ عظیم المرتبت گزرا ہے۔ نہ پڑھنا جانتا تھا نہ لکھنا۔

اس کتب خانے میں "دیوان حافظ" کے اور کئی نسخے ہیں۔ ظاہری حیثیت سے یہ شاندار تو بہت ہیں، لیکن پہلے نسخے کی سی ندرت ان میں کہاں۔ دیوان حافظ کا ایک نسخہ گولکنڈے کے سلطان محمد قطب شاہ کے شاہی کتب خانہ کا ہے اور سلطان محمد قطب شاہ کے ہاتھ کی تحریر اس پر ثبت ہے۔ اس میں سلطان نے بتایا ہے کہ یہ نسخہ حیدرآباد دکن میں اس کے لئے محمد محسن نے سنہ ۱۰۲۳ھ میں لکھا۔ اس کا پہلا صفحہ بڑا مرصع ہے، اور اس پر نیلی زمین میں طلا کاری کی گئی ہے جس کا غذ پر یہ لکھا گیا ہے، اس کا رنگ گہرا بادامی ہے۔ عنوان سفید سے شنگرفی سے اور سونے سے لکھے گئے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے یہ نسخہ دکن کے قطب شاہی خاندان پر فتح پانے کے بعد شہنشاہ اورنگ زیب کے قبضہ میں آیا تھا۔ یہاں میں تزک جہانگیری کے نسخہ کا بھی ذکر کردوں۔ یہ نسخہ بھی دکن کی فتح میں ہاتھ لگا تھا۔ اس نسخہ کے بارے میں خیال ہے کہ یہ تزک جہانگیری کے ان اولین چار نسخوں میں سے ایک ہے جو خود شہنشاہ نے اپنے ہم عصر سلاطین کے

پاس تحفۃً بھیجے تھے۔ اس پر گولکنڈے کے انہیں قطب شاہی سلاطین کی مُہریں بھی ثبت ہیں۔ ایک جگہ ایک عبارت بھی لکھی ہے۔ غالباً یہ عبارت فاتح کے بیٹے (شہزادہ معظم ؟) نے اپنے قلم سے لکھی ہے۔ لکھا ہے کہ یہ کتاب سلطان کے کتب خانے سے "ضبط" کی گئی۔

شہزادوں اور شاہوں کی بدنصیبیوں کی تصویر تو کچھ دیوان کامران کی دنیا میں ایک ہی اور اصلی نسخے کو دیکھ کر آنکھوں کے سامنے پھر جاتی ہے۔ یہ کامران بابر کا بیٹا اور ہمایوں کا وہی خطا کار بھائی ہے جسے ہمایوں نے بے حساب معافیاں دیں اور آخر کار خود اپنی اور تخت و تاج کی سلامتی کے لئے اس کی آنکھیں نکلوانے پر مجبور ہوا تھا۔ اس کا قصہ ان لوگوں نے بیان کیا ہے جو کامران سے بہت اچھی طرح واقف تھے۔ اس واقعہ کو شہنشاہ کی جوانی کے جام بردار جوہر نے اختصار کے ساتھ لیکن غمناک انداز میں بیان کیا ہے۔ اس کو بابر کی بیٹی گلبدن بیگم نے بھی بیان کیا ہے۔ اس بیگم کا لکھا ہوا ہمایوں نامہ ایک عورت کے قلم سے ان بے کل مردان کارزار کا ایک نہایت اچھا مرقع ہے۔

گلبدن بیگم نے لکھا ہے "تمام خواتین اور سلاطین، اونچے درجے کے لوگ، نیچے درجے کے لوگ، امیر و غریب، سپاہی، عام لوگ، غرض وہ سب جن پر مرزا کامران کا دست تعدی دراز ہوا تھا، جمع ہوئے۔ اور انہوں نے ایک آواز ہو کر اعلیحضرت سے عرض کیا! برادری اور اخوت کے مراسم کا حکومت اور سلطنت سے کوئی واسطہ نہیں۔ اگر آپ ایک بھائی کا سا سلوک کرنا چاہتے ہیں تو تخت سلطنت چھوڑ دیں۔ اور اگر بادشاہ رہنا چاہتے ہیں تو برادرانہ جذبہ کو بالائے طاق رکھیں۔ یہ بھائی

نہیں۔ یہ اعلیحضرت کا دشمن ہے حکومت کے غدار کا سر قلم کر دینا ہی قرین انصاف ہے۔"

ہمایوں نے جواب دیا "اگرچہ میرا دماغ تمہاری باتوں کی صداقت تسلیم کرتا ہے۔ لیکن میرا دل ان باتوں کو نہیں مانتا۔"

اور یہ تو سب کو معلوم ہے کہ یہ واقعہ تھا۔ لیکن وہ اپنے امیروں کی بات ماننے پر مجبور ہو گیا تھا۔ رہتاس کے قریب پہنچا تو سید محمد کو حکم دیا "مرزا کامران کی دونوں آنکھوں میں تیل پھیر کر اسے اندھا کر دیا جائے۔"

جوہر کا بیان ہے "شاہی حکم کے صادر ہوتے ہی ہم شہزادے کے پاس گئے۔ غلام علی نے ادب اور تاسف کے ساتھ شہزادے سے عرض کیا کہ ہمیں آپ کو اندھا کر دینے کا قطعی حکم ملا ہے۔ شہزادے نے جواب دیا۔ "بہتر ہوتا کہ تم یکبارگی مجھے مار ڈالتے۔" غلام علی نے عرض کیا۔ "حکم سے بڑھ کر کچھ اور کرنے کی ہمیں مجال نہیں۔" اس کے بعد غلام علی نے ایک رومال کا گولا بنایا اور شہزادے کے منہ میں ٹھونس دیا۔ اس کے بعد وہ اور ایک فراش دونوں شہزادے کا ہاتھ پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے اسے خیمے سے باہر لے گئے۔ اسے زمین پر لٹا دیا اور اس کی آنکھوں میں ایک نیزہ گھونپ دیا۔ خدا کی یہی مرضی تھی۔"

یہی عمل انہوں نے کوئی پچاس مرتبہ دہرایا۔ لیکن اس نے مردانہ وار اس عذاب کو سہا اور کراہا تک نہیں۔ جب اس کے گھٹنوں پر بیٹھا ہوا آدمی اسے زور سے دبانے لگا تو اس نے کہا۔ "تم میرے گھٹنوں پر کیوں بیٹھے ہو۔ اس عذاب میں اور اضافہ کرنے سے کیا حاصل؟"

"بس اتنا ہی اس نے کہا اور بڑی بہادری کا ثبوت دیا۔ اس کے بعد وہ لوگ تھوڑا سا لیموں کا رس اور نمک لے کر آئے اور آنکھوں کے گھیرے میں یہ چیزیں ڈال کر آنکھیں مل دیں۔ اب اس سے زیادہ وہ برداشت نہ کر سکا، اور چلّا اُٹھا:"

"اے خدا، اے میرے مالک، جو جو گناہ مجھ سے سرزد ہوئے تھے، ان سب کی پوری پوری سزا مجھے اس دُنیا میں مل گئی۔ دوسری دُنیا میں مجھ پر رحم فرما۔"

پھر یہ اندھا حج کے لئے چلا گیا، اور کوئی چار سال بعد مکہ میں اس دُنیا سے چل بسا۔ مسز بیورج جنہوں نے اس کی بہن کی لکھی ہوئی تزک کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے، لکھتی ہیں "کامران نے بھی کوئی تزک لکھی ہوتی تو وہ کتنی دلچسپ ہوتی۔ اسی میں وہ اپنی زندگی کو اپنے نقطۂ نظر سے پیش کرتا۔ اپنے عزائم، اپنی اُمنگوں کا حال بتاتا۔ درست اور نادرست پر اپنی رائے دیتا، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ مذہبی فرائض کے بارے میں اپنے دل کی بات بتاتا، جنہیں وہ اپنی موت سے پہلے اپنی شکست اور اپنی ذلت و خواری کی وجہ سے ادا کر سکا۔ ہمیں اس کے بارے میں تمام سچی سچی باتیں معلوم نہ ہو سکیں۔"

تاہم اس کے دل کا حال ہم اس کی غزلوں کی اس چھوٹی سی کتاب سے معلوم کر سکتے ہیں جو اس دُنیا میں اس دور کا لکھا ہوا ایک ہی نسخہ ہے کیونکہ وہ بھی بڑا لائق فائق عالم تھا۔ اور اپنی نسل کی ذہانت اور ذکاوت کا اسے کافی حصہ ملا تھا۔ اس کی غزلوں کا یہ دیوان مشہور خطاط محمد بن اسحاق الشہابی ہروی کے قلم کی یادگار ہے۔ خطاطی میں اس محمد بن آفاق

اسحاق الشہابی کا درجہ اپنے نامور ہمعصر میر علی کے بعد ہی تھا۔ یہ نسخہ کامران کی زندگی ہی میں لکھا گیا تھا۔ اس کے اندر شہنشاہ جہانگیر اور شہنشاہ شاہجہاں کے ہاتھ کے لکھے ہوئے حاشیے ہیں۔ اسے ملکہ عالم نورجہاں نے پڑھا تھا۔ پھر اس کے بعد یہ مختلف شہزادوں اور شاہی دربار کے امیروں کے پاس رہا۔

اس نسخہ کے ساتھ ساتھ اس خوش ذوق لیکن بدنصیب خاندان کے ایک اور شہزادے کے ہاتھ کے لکھے ہوئے نسخہ کا ذکر نہ مناسب نہ ہوگا۔ یہ داراشکوہ کی تصنیف اولیاء کا تذکرہ "سفینۃ الاولیاء" ہے۔ یہ داراشکوہ، شاہجہاں کا سب سے چہیتا بیٹا اور اس کا پسندکیا ہوا جانشین تھا۔ لیکن اس کی قسمت میں تو اپنے چھوٹے بھائی اورنگ زیب کے ہاتھوں بڑی بڑی مصیبتیں اُٹھا کر جان دینا لکھا تھا۔ ہندوستان میں اس کی دردناک کہانی سبھی جانتے ہیں۔ یہی کہانی ایک فرانسیسی نے ایسے الفاظ میں بیان کی ہے کہ کوئی اسے بھلا نہیں سکتا۔ یہ فرانسیسی، داراشکوہ سے اُس وقت ملا ہے جب وہ بھاگا بھاگا راجپوتانہ کے تپتے ہوئے صحرا سے گزر رہا تھا۔ اس میں شک نہیں یہ عجیب ملاقات تھی۔ اس کے بعد اس فرانسیسی نے دارا کو پھر پائے تخت میں اس کے آخری لمحوں میں دیکھا۔

موسیو برنیر اپنے پیرس کے ایک دوست کو لکھتے ہیں "عوام کو خوفزدہ اور مرعوب کرنے اور ان کے دلوں میں اورنگ زیب کی مطلق اور بے پناہ طاقت کا سکہ بٹھانے کے لئے یہ ضروری سمجھا گیا تھا۔ اس لئے بدنصیب قیدی کو ایک ہاتھی پر بٹھایا گیا اس کے پہلو میں اس کا نوعمر بیٹا تھا۔ یہ ہاتھی سنگلدیپ یا لنکا کے ان شاندار ہاتھیوں میں نہ تھا جن پر اکثر داراشکوہ کی سواری نکلتی تھی۔

اور جنہیں ہر طرح سجایا جاتا تھا، جن پر سونے کی عماری اور شہزادے کو دھوپ سے بچانے کے لئے خوبصورت چھتر ہوتا تھا۔ جس ہاتھی پر آج دارا شکوہ کو بٹھا کر نکالا گیا تھا وہ ایک مکروہ سا بوڑھا ہاتھی تھا۔ سر سے پیر تک غلاظت میں اٹا ہوا۔ دارا کے گلے میں اب وہ بڑے بڑے موتیوں کے مالے نہ تھے جن سے ہندستانی شہزادے اپنے آپ کو سنوارتے ہیں۔ سر پر شاندار پگڑی نہ تھی جسم پر جگمگاتے کپڑے نہ تھے۔ دارا اور دارا کے بیٹے کو بڑے ہی خراب کپڑے پہنائے گئے تھے۔ پگڑی کی جگہ سر پر ایک کشمیری شال اس طرح لپیٹ دی گئی تھی جیسے ادنیٰ اور معمولی لوگ باندھتے ہیں۔ میں نے ہر سمت سے اٹھتی ہوئی دلدوز چیخیں سنیں، کیونکہ ہندستان کے لوگ بڑے نرم دل ہوتے ہیں۔ مرد، عورتیں اور بچے ایسے بلک بلک کر رو رہے تھے جیسے خود ان پر کوئی بھاری مصیبت ٹوٹ پڑی تھی۔"

یہ سب ذلتیں اس کے قتل کا مقدمہ تھیں۔

اس کا سر فوراً اورنگ زیب کے سامنے پیش کیا گیا۔ اورنگ زیب نے حکم دیا کہ اسے ایک طشت میں رکھا جائے اور پانی لایا جائے۔ دارا کے چہرے سے خون صاف کیا گیا۔ اور جب اس بات میں کوئی شبہ نہ رہا کہ یہ دارا ہی کا سر ہے تو اورنگ زیب کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے اس نے کہا "بدبختو! اب ایسے دل دکھانے والے منظر سے میری آنکھوں کو زخمی نہ کرو۔ اس سر کو لے جاؤ اور اسے ہمایوں کے مقبرے میں دفن کر دو۔"

یاد رہے یہ دونوں قاتل اور مقتول ایک ہی ماں کے بیٹے تھے۔ اسی نازک ارجمند بانو بیگم (ممتاز محل) کے بیٹے تھے جس کے مزار پر اپنے ازدواجی حسن کے

ساتھ آج بھی سر ریں خواب تاج کھڑا ہوا ہے۔

ان دردناک یادوں والی کتابوں سے اب صرف نظر کیجئے۔ ادھر کچھ اور کتابیں رکھی ہیں۔ ان کا بے عیب رنگ، اور ان کی بے مثال صناعی دیکھئے۔ ان کے دیکھنے سے دل میں سرور اور آنکھوں میں نور پیدا ہوتا ہے اس کے سوا دل میں اور کوئی بات پیدا نہیں ہوتی۔

یہ دیکھئے یہ سعدی کے دیوان غزلیات کے کئی نسخے رکھے ہیں۔ سعدیؒ تیرہویں صدی عیسوی کے شاعر ہیں۔ کہتے ہیں وہ شاہی درباروں سے وابستہ ضرور تھے ایک بادشاہ نے تو ان کی تعلیم کا انتظام کیا تھا۔ اور ایک بادشاہ ان کے کلام سے اتنا متاثر ہوا تھا کہ ایک ملاقات کے موقع پر اس کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے تھے۔ لیکن اس کے باوجود ان کی قلندرانہ زندگی کا یہ حال تھا کہ چودہ حج تو پیدل کئے تھے، اور بیت المقدس میں غریب زائروں کی خدمت کے لئے سقہ کی خدمت خوشی خوشی بجالاتے تھے۔ ان نسخوں میں ایک نسخہ "کلیات سعدی" کا ہے اور پندرہویں صدی عیسوی کا لکھا ہوا ہے۔ اسے طرح طرح سے سجایا گیا ہے اور اس میں ہر رنگ کی تصویریں ہیں۔ یہ چھوٹی چھوٹی تصویریں اس وقت کی بہترین ایرانی طرز میں بنائی گئی ہیں۔ اس کے پہلے دو صفحوں پر مطالب کی فہرست سفید حرفوں میں لکھی گئی ہے۔

ایک اور نسخہ اس کتب خانے کی تمام نسخوں میں سب سے پرانا ہے یہ نہایت واضح اور بڑے دلکش خط میں لکھا گیا ہے۔ کاغذ رنگ برنگی ہے اور اس پر افشاں چھڑکی ہوئی ہے، اور یہ کسی شیرازی خطاط کا کارنامہ ہے۔

ایک اور نسخہ۔ یہ بوستاں کا انتخاب ہے۔ نہایت مطلّا اور مذہب اس کی لوح کے دونوں ورق ایسے مطلّا کار اور ایسی ایسی گلکاریوں سے سجائے گئے ہیں جیسے محلوں کے ایرانی قالین ان سے بھی زیادہ دلکش اس کا آخری ورق ہے۔ نیلا نیلا، پیلا پیلا، اودا اودا، ہرا ہرا، ہر غزل کی ابتدا نازک نازک طلائی پھولوں سے مزیّن۔ کہتے ہیں اس کی خطاطی میر عماد کے قلم کا اعجاز ہے۔

اور اس کے ساتھ کی کتاب پر جب نظریں دوڑتی ہیں تو بس ٹھٹک کر رہ جاتی ہیں۔ اس کے ہر ورق پر جو بیل بوٹے بنے ہیں، وہ سب ایک دوسرے سے بالکل الگ، اپنی نرالی شان لئے ہوئے۔ ایک اور جلد میں گلستاں اور بوستاں دونوں کے متن درج ہیں۔ گلستاں کی طرز تو ایسی ہے کہ اس میں نثر و نظم دونوں ملے جلے اور گتھے ہیں۔ یہ کتاب مصور ہے اور کئی تصویریں ایسی ہیں جو خاص طور پر قابل توجہ ہیں۔ ایک تصویر میں خود حضرت سعدیؒ ایک درویش کے روپ میں دکھائے گئے ہیں۔ ایک سن رسیدہ بزرگ، نورانی چہرہ، سفید براق داڑھی، نیلا جلا بیہ پہنے ہوئے، آستینیں لمبی لمبی، اس میں ان کے ہاتھ چھپے ہوئے، ایک سرو کے درخت کے گرد گانے والوں اور بہت سے ناچنے والوں کے ساتھ رقص کر رہے ہیں۔ کچھ لوگ ہاتھ سے تال دے رہے ہیں کچھ بڑی دلچسپی اور گہری عقیدت سے اس منظر کو دیکھ رہے ہیں عورتیں سفید پشمک (نقاب) ڈالے، دریچوں سے جھانک رہی ہیں۔
ایک اور تصویر میں پھلوں سے لدے ہوئے بوستاں دکھائے گئے ہیں۔ ایک بڑا سا دروازہ، اُڑتے ہوئے بادل اور تیر انداز اپنی کمانیں

چڑھائے صاف دکھائی دیتے ہیں۔

ایک اور جلد لیجئے۔ اس میں "عمر خیام" اور "حافظ" دونوں کا کلام یکجا کر دیا گیا۔ عمر خیام کا کلام متن میں درج ہے اور حاشیہ میں حافظ کا کلام نہایت باریک خط میں لکھا گیا ہے۔ یہ کلام کسی خوش ذوق نے انتخاب کیا ہے اور دونوں شاعروں کا تقابل پیش کیا ہے۔ اس کتاب میں جو تصویریں پیش کی گئی ہیں ان کا مقابلہ اسی عہد (سترہویں اور اٹھارہویں صدی عیسوی) کی ایک اور کتاب "حملۂ حیدری" کی تصویروں سے کیجئے۔ یہ کتاب رسول اللہ صلعم اور خلفائے کرام کی سیاسی زندگی پر لکھی گئی ہے اس کتاب کی تصویریں اور حملۂ حیدری کی تصویریں مذاق کے انحطاط اور ایرانی مکتب کے دلنواز حسن سے دوری کا مرثیہ پڑھ رہی ہیں۔ یہ ہندستانی قلم ہے اور گھٹیا قسم کا ہے۔ خاص کر حملۂ حیدری میں جو تصویریں بنائی گئی ہیں وہ بھدی ہیں اور کچھ ٹھیک نہیں بنائی گئی ہیں۔ گلکاری سطحی قسم کی اور بے جان سی ہے۔ لاجورد کے نیلے رنگ کی جگہ کسی گھٹیا رنگ نے لے لی ہے۔ یہ وہ وقت تھا جب نہ صرف ایرانی آرٹ اپنی قوت کھوتا جاتا تھا۔ بلکہ خود آل تیمور کی پرشکوہ سلطنت بھی زوال کے زینے تیزی سے طے کرتی جاتی تھی۔ ایک اور کتاب "مجالس العشاق" کو لیجئے۔ یہ کتاب ایران کے آخری تیموری بادشاہ سلطان حسین بایقرا (۸۴۲ھ-۹۱۱ھ) سے منسوب کی گئی ہے۔ اس کے ایک ہی صفحہ سے مذاق کے اس انحطاط کا اندازہ کر لیا جا سکتا ہے۔ عنوان یا ابتدائی صفحے سنہری اور لاجوردی کام سے مزین ہیں۔ آپ سیدھے ہاتھ کے صفحے کے کام میں پوری صفائی اور بڑی نزاکت پائیں گے، لیکن بائیں ہاتھ کے صفحے پر آپ کو اسی کام

کی بھونڈی سی نقل ملے گی۔ اور یہ نقل اصل کے گم ہو جانے یا چرائے جانے کے بعد
اس کی جگہ لگائی گئی ہے۔ یہاں آپ خط اور رنگ کے حسن اور اس کی
بھونڈی نقل کا فرق اچھی طرح محسوس کر سکیں گے۔ لیکن باقی پوری کتاب
اسی قدیم طرز میں ہے۔ اس کی خطاطی کسی شیرازی استاد کے قلم کا اعجاز
ہے۔ اس کے پورے صفحے پر بنی ہوئی تصویریں بڑی دلکش اور دلچسپ
ہیں۔ یہ تصویریں لاجوردی، سنہری، شنگرفی، سبز اور سرخ اور بادامی
رنگوں میں بنائی گئی ہیں۔ ان کے گرد بڑا ہی خوبصورت سنہری حاشیہ
دیا گیا ہے۔ یہاں پھولوں کی جاندار عکاسی کی گئی ہے۔ پیڑوں کو اپنے
جوبن کے پورے ابھار کے ساتھ دکھایا گیا ہے۔ یہ تصویریں ایسے مصور
نے بنائی ہیں جس نے ان کے حسن کا نظارہ کیا ہے، ان پر سو جان سے
فدا ہوا ہے اور آسمان کبود کے پس منظر میں ان کی دلنواز اور نازک
پرچھائیاں دیکھی ہیں۔ جو لوگ ان صفحوں پر دکھائے گئے ہیں، ان کے لباس
ان کے چہرے، طرح طرح کے مرد اور طرح طرح کی عورتیں یہ سب کے
سب نہایت دلچسپ چیزیں ہیں۔ خوبصورت باغ ہیں، بیش قیمت قالین
ہیں رنگین اور کاشی کار دیواریں اور سجے سجائے دروازے ہیں۔ ان
تصویروں پر چینی مصوری کا اثر نمایاں ہے اور اسی چینی مصوری سے
ایرانی تصویر کاری نے اپنے چینی اصول سیکھے ہیں۔ کہیں تو لڑائی کے
منظر ہیں۔ زرہ بکتر پہنے ہوئے سوار ایک قلعہ پر حملہ کر رہے ہیں۔ چنگیز خاں
تبریز پر حملہ کر رہا ہے اسی جاندار تصویر کے ایک گوشے میں حضرت نجم الدین
کبریٰ ہاتھوں سے اپنا منہ چھپائے الحاح وزاری کے ساتھ شہر کے لئے دعا
کر رہے ہیں۔ ایک تصویر میں شیریں اور اس کی سہیلیاں گھوڑوں پر سوار

فرہاد کو ڈھونڈ رہی ہیں اور یورپ کی مشہور عشقیہ داستان کی ہیروئین نکولیٹ کی طرح راستے کی مصیبتیں جھیل رہی ہیں۔ کہیں بارہ سنگھے، ہرن اور چیتے دکھائے گئے ہیں، کہیں بندر بڑی بڑی چٹانیں راہ گیروں پر لڑھکاتے نظر آتے ہیں۔ متن کے لئے شربتی رنگ کا کاغذ استعمال کیا گیا ہے۔ اور اس پر ہلکی سی افشاں بھی چھڑکی گئی ہے۔

اس کتاب کے بعد اب یہ کتاب اٹھایئے۔ یہ تیرہ شاعروں کے کلام کا انتخاب ہے۔ یہ انتخاب گولکنڈے کے قطب شاہی سلطان کے لئے لکھا گیا ہے۔ یہ واقعہ ایک سنہری طغرے کے اندر درج کیا گیا ہے جس کے اطراف کے حاشیے پر چند منتخب شاعروں کے نام لکھے ہوئے ہیں۔ یہ ایک نہایت نزاکت سے لکھا ہوا بڑا ہی مرصع نسخہ ہے۔ اس کے ہر ورق پر وقت کا ساحرانہ اثر ثبت ہے۔

ایران کے ان شاعروں کے مجموعۂ غزلیات کے ساتھ ساتھ بہت سے ہندوستانی شاعروں کی کئی کتابوں کا ذکر بے محل نہ ہوگا۔ ادھر طوطی شکر مقال ہند امیر خسروؒ ہیں جن کی پر گو شاعری آج بھی ہندستانیوں کے دلوں میں دھڑکن پیدا کر دیتی ہے۔ جن کا مزار حضرت نظام الدین اولیاؒ کی بارگاہ میں آج بھی موجود ہے۔ اور یہ وہ آستانہ ہے جس پر بڑے بڑے شہنشاہ جبہ سائی کرتے آئے ہیں۔ چھ سو سال ہونے آئے، پر یہ مزار آج بھی موجود ہے، اور اب بھی گلاب کے پھولوں سے ڈھکا رہتا ہے۔ اس مقدس بارگاہ میں حضرت امیر خسروؒ کے بازو بابر کا چھیتا مورخ اور ابتدا سے ایشیا کی ایک عام تاریخ "خلاصۃ الاخبار" کا مصنف خوندمیر محو خواب ہے۔

اب اجازت ہو تو اسلامی مشرق کی ایک بہت بڑے مورخ امام ابو جعفر محمد طبری کی تاریخ کے فارسی ترجمہ کا ذکر کروں۔ یہ فارسی ترجمہ بلعمی نے کیا ہے۔ اس کتاب کے دو نسخے اس کتب خانے میں موجود ہیں۔ کہتے ہیں طبری کی تاریخ کبیر کا پہلا نسخہ اتنا زیادہ ضخیم تھا کہ ان کے صابر اور شاکر مشرقی شاگرد خلاصہ کی صورت کے سوا کسی اور طرح اسے پڑھنے پر راضی نہ ہوئے۔ اس پر مصنف نے دلگیر ہو کر کہا "طلب علم کا شوق اب مردہ ہو چکا" اس ضخیم تاریخ کا کوئی مکمل نسخہ اب کہیں نہیں ملتا، لیکن اس کی الگ الگ جلدیں دنیا کے مختلف حصوں میں پائی جاتی ہیں ؎

نسبتاً حالیہ زمانے کی عام دلچسپی کی کتابوں میں ترکی سے فارسی میں عبدالرحیم خانخاناں کا لکھا ہوا تزک بابری کا ترجمہ ہے۔ اس کے بعد امیر حیدر حسینی واسطی بلگرامی کی لکھی ہوئی سوانح اکبری ہے جو شہنشاہ اکبر کی پیدائش سے لے کر اس کے چوبیسویں سنہ جلوس تک کی تاریخ ہے۔ اس کے بارے میں کسی نے کہہ دیا تھا کہ "ایک ہندستانی کے قلم سے نکلی ہوئی غالباً یہی ایک مستند تاریخی کتاب ہے" لیکن مدتیں ہوئیں یہ قول بالکل غلط ثابت ہو چکا ہے کیونکہ اس مصنف کے سوا اور بھی کئی ہندستانی مصنفوں نے مستند تاریخی کتابیں لکھی ہیں۔ پھر شہنشاہ جہانگیر کی تزک جہانگیری ہے جسے جہانگیر نے اپنے دور حکومت کے تیسرے سال لکھا تھا۔ پھر تین جلدوں میں اقبال نامہ جہانگیری ہے جس کی پہلی دو

؎ اس تاریخ کبیر کی جتنی بھی جلدوں کے نسخے ملے ہیں ان سب کو نہایت احتیاط کے ساتھ مرتب کر کے اسے مشہور مستشرق دی خوے نے دس جلدوں میں شائع کر دیا ہے۔

جلدیں بہت کمیاب ہیں۔ غلام حسین کی تاریخ "سیر المتاخرین" کا ایک نسخہ بھی ہے جو خود مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے اور یہ سلطنت مغلیہ کے عروج و زوال کی تاریخ ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس کتاب کا انگریزی ترجمہ ہے جو فرانسیسی مصنف موسیو ریماں نے کیا ہے۔ اس پر خود مترجم کے ہاتھ کے لکھے ہوئے حواشی ہیں۔ "مراۃ القدس" کا ایک نسخہ بھی ہے جو حضرت عیسیٰ کے سوانح حیات ہے۔ یہ کتاب شہنشاہ اکبر کی فرمائش پر جیسوٹ فرقے کے ایک پادری جیروم زیوائیر نے لکھی ہے۔ یہ پادری شہنشاہ کا بڑا گہرا دوست بن گیا تھا۔ اس کی بڑی آرزو یہ تھی کہ کسی طرح اکبر کو نصرانی بنالے۔ ایک اور خوبصورت کتاب فارسی اور گورمکھی خط میں ملتی ہے۔ کاغذ شربتی اور کام سُنہرا ہے۔ فارسی الفاظ سیاہ ہیں اور گورمکھی سُرخ۔ یہ کتاب کبھی پنجاب کے مہاراجہ رنجیت سنگھ کی ملک تھی۔ اس میں بہت سے افسروں، رجمنٹوں اور اس کے ملازموں کے نام ہیں۔ انہیں کیا تنخواہیں ملتی تھیں اور آج سے ایک صدی پہلے سکھ فوج کے مصارف کیا تھے۔ ان سب کی تفصیل اس میں لکھی ہے۔

اگر یہ فارسی کتابیں ہمیں شاہوں اور شاعروں کی محفل میں پہنچا دیتی ہیں جو محبت کرنے والے اور محبت کئے جانے والے لوگ تھے، اور جو سپاہی بھی تھے اور سیاس بھی، اور یہی کتابیں ہمارے سامنے پھولوں کے سادہ حسن اور درباروں کے پرشکوہ بناؤ کا نقشہ کھینچ کر رکھ دیتی ہیں تو عربی میں لکھی ہوئی کتابیں زیادہ تر سنجیدہ موضوعوں کی طرف ہمارا دامن کھینچتی ہیں۔ یہاں کروڑوں مسلمانوں کی رہنما کتاب مقدس قرآن کے کئی نسخے ہیں جو خود اللہ کا کلام ہے اور رسول اللہ صلعم کی حدیثوں کا

وسیع ذخیرہ ہے۔ ان سے یہ کہ صالح عالموں کی تفسیریں ہیں، طب و جراحت، فلسفہ اور سائنس پر لکھے ہوئے عالمانہ مقالے ہیں۔ یہ سب کتابیں ایسے زمانے میں لکھی گئی ہیں جب عربی ثقافت یورپ کی ثقافت سے کہیں آگے اور کہیں تابناک تھی۔ اور یورپ ابھی تاریک زمانے کی ظلمتوں میں ٹھوکریں ہی کھا رہا تھا۔ ان سے بھی بڑھ کر ادبی سوانح کے میدان میں عربی زبان کے مصنفوں نے وہ وہ جوہر دکھائے ہیں کہ شاید ہی دنیا کا کوئی ادب اس موضوع پر اس زبان سے زیادہ مالا مال نکلے۔ ڈاکٹر اسپرنگر کا قول ہے کہ "دنیا میں کوئی ایسی قوم نہیں ہوئی ہے جس نے مسلمانوں کی طرح بارہ سو سال کی طویل مدت میں اپنے ہر اہل قلم کی زندگی کا حال محفوظ رکھا ہو۔ اگر مسلمانوں کی سوانح عمریاں اکٹھی کی جائیں تو ہمارے کم سے کم دس لاکھ ممتاز آدمیوں کی زندگی کے حالات جمع ہو جائیں۔ اور ہم پر یہ بھی روشن ہو جائے کہ تاریخ کا کوئی شعبہ ایسا نہیں یا اور کوئی اہمیت رکھنے والی چیز ایسی نہیں جو اس ذخیرے میں اپنی نمائندگی نہ کر رہی ہو۔

اب تک اس کتاب خانے کی فہرست کی جو چار جلدیں[1] چھپی ہیں ان میں سے تین جلدیں فارسی کی قلمی کتابوں پر مشتمل ہیں اور ایک جلد صرف عربی میں لکھی ہوئی طب کی کتابوں پر مشتمل ہے۔ ان میں پہلی کتاب ابن ماسوں کی لکھی ہوئی "کتاب المشجر" کا ایک نادر نسخہ ہے۔ اس میں فن طب کے عام اصول بیان کرنے کے بعد ان بیماریوں کی تفصیل درج ہے جو مصنف کے زمانے میں طبیبوں کو معلوم تھے۔ اس کتاب کا مصنف ایک شامی نصرانی تھا۔ اسے خلیفہ ہارون الرشید نے قدیم کتابوں کے ترجموں کے کام کا نگراں مقرر

[1] یہ سنہ ۱۹۲۰ء کی بات ہے۔ پوری فہرست (۳۱) جلدوں کی مکمل ہو چکی ہے۔ (مترجم)

کیا تھا۔ قدیم کتابوں کے ترجموں میں یونانی زبان کی بہت سی کتابیں بھی شامل تھیں۔ وہ خلیفہ منصور اور اس کے کئی جانشینوں کا خانگی معالج بھی رہا۔ اس نے سنہ ۷۸۵ء میں وفات پائی۔ موجودہ نسخہ جو آب زدہ اور کرم خوردہ ہے پندرہویں صدی کا لکھا ہوا ہے۔

اس کے بعد ابو بکر رازی کی لکھی ہوئی کتاب 'المنصوری' ہے۔ امام رازی عرب طبیبوں میں ابن سینا کے پائے کے طبیب ہیں اور یورپی مصنفوں کے پاس Rhazes کے نام سے کافی جانے پہچانے جاتے ہیں۔ ان کے بارے میں لکھا ہے کہ جب بڑھاپے میں ان کی آنکھوں میں موتیا بند آگیا تو ان سے عمل جراحی کے ذریعہ ان کی بصارت بحال کرنے کی اجازت چاہی گئی۔ رازی نے افسوس کے ساتھ جواب دیا :۔

"میں نے اتنی دُنیا دیکھی ہے کہ اب اس سے بالکل اُکتا گیا ہوں"

رازی کے بارے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ انہیں بغداد میں کسی جگہ ایک بیمارستان کے لئے جگہ منتخب کرنے کا حکم دیا گیا تو انہوں نے شہر کے مختلف محلوں میں گوشت کے ٹکڑے ٹانگ دئے۔ اور صرف اسی محلے کا انتخاب کیا جس میں معینہ مدت کے بعد گوشت میں کم سے کم سڑاہند پیدا ہوئی تھی۔ اس طرح رازی نے گویا سب سے اول خوردبینی تعدیہ کے بارے میں ہماری موجودہ معلومات کی رہنمائی کی ہے۔ رازی ہی سے چیچک اور خسرا پر قدیم ترین بیانات منسوب کئے گئے ہیں

اسی ضمن میں "کتاب الحشائش" کا تذکرہ نامناسب نہ ہوگا۔ یہ گیارہویں صدی عیسوی کا لکھا ہوا نسخہ ہے۔ اصل میں یہ نیرو کے عہد کے

ایک عالم نباتات ڈیاس کوری ڈس کی لکھی ہوئی قرابادین کا عربی ترجمہ ہے۔ ڈیاس کوری ڈس، صقلیہ کا رہنے والا تھا۔ جوانی میں اس نے ایک سپاہی کی حیثیت سے یونان، ایشیائے کوچک اور گال کا سفر کیا تھا، اور ساتھ ساتھ نباتات کے مختلف نمونے جمع کرتا جاتا تھا۔ اس کے بعد کے عہدوں میں اس کی لکھی ہوئی قرابادین، قرابادین نگاری کا نمونہ بن گئی۔ موجودہ نسخے میں کئی رنگین تصویریں ہیں جو بالکل سیدھی سادی ہیں۔ یہ سب پودوں کی تصویریں ہیں۔ ان کے یونانی نام عربی رسم خط میں لکھے گئے ہیں اور کہیں کہیں عربی کے ساتھ ساتھ یونانی رسم خط میں بھی یہ نام لکھ دئے گئے ہیں۔

دیکھنے میں یہ عربی مخطوطے تکلف سے عاری اور سیدھے سادے ہیں۔ لیکن ان میں قرآن کے نسخے استثنائی حیثیت رکھتے ہیں۔ بلکہ اس کتب خانے میں قرآن کے دو ایک نسخے ایسے ہیں جو بعض لوگوں کی نظر میں پورے کتب خانے کے نادر اور نایاب خزانوں میں سب پر فائق اور سب سے نفیس تر ہیں۔ میں خاص طور پر مشہور خطاط یاقوت مستعصمی کے لکھے ہوئے ایک نسخہ کا ذکر کروں گا۔ اس کے آخر میں اس کے دستخط اور سنہ ۶۶۸ ہجری (مطابق سنہ ۱۲۵۴ ع) کی تاریخ درج ہے۔ اس جلد کے ہر صفحہ پر متن کی عبارت خطاطی کی تین طرزوں میں لکھی گئی ہے۔ یہ خط نسخ، ریحان اور ثلث ہیں پہلا طرز خط یعنی نسخ خود یاقوت کا ایجاد کیا ہوا ہے۔ میرے لئے تو خط کے حسن کے اظہار کا اس سے بہتر اور اس سے حسین تر نمونے کا تصور کرنا بھی مشکل ہے۔ اس کے سوا اس پر طلاکاری کی گئی ہے اور اسے نازک گلکاری سے سجایا گیا ہے۔ ہر سورۃ کا عنوان طلائی حرفوں میں لکھا گیا ہے۔ ہر صفحہ پر متن کے گرداگرد ایک حاشیہ سرخ، نیلے اور سنہری

رنگ میں دیا گیا ہے۔ اور بیرونی حاشیہ بھی طلائی ہے۔ آپ یہ بھی دیکھ سکتے ہیں کہ یہ حاشیہ کچھ اس طرح بنایا گیا ہے کہ جہاں کہیں کوئی حرف اوپر کی آڑی لکیر سے آگے بڑھ گیا ہے، وہاں بھی اس کے اطراف ایک چھوٹا سا حاشیہ بنا دیا گیا ہے۔

کتاب کے پہلے صفحہ پر نیلا اور طلائی طغرا ہے۔ یہ مشہور تزئینی طرز تاج محل کی پچی کاری اور دوسری مشہور عمارتوں میں بھی دکھائی دیتی ہے۔ اپنی مزین اور منقش دستخطی عبارت میں خلیفہ مستعصم باللہ کے زمانے کا یہ بغدادی خطاط اپنی خطاؤں اور گناہوں کے لئے مغفرت کا طالب ہے اندر کے ورقوں کا رنگ ہلکا زردی مائل ہے۔

قرآن کا ایک اور نسخہ اپنی ماہرانہ خطاطی کے لحاظ سے تو نہیں البتہ اپنی غیر معمولی تزئین کے لحاظ سے اس نسخہ سے بھی پار ہے۔ قرآن کا یہ نسخہ جو حد درجہ سجایا ہے بہت بڑی تقطیع پر لکھا گیا ہے۔ اس کے چوڑے حاشیے پر ایک فارسی تفسیر نیلے حرفوں میں لکھی گئی ہے۔ کتابوں کی حد تک اس سے زیادہ مرصع اور اس سے زیادہ مزین اور آراستہ پیراستہ کتاب کا تصور بھی مشکل ہے۔ ہر سورۃ دُہرے سے شروع ہوتی ہے۔ اس پر نیلا اور طلائی کام ہے۔ لاجورد، فیروزئی اور معدنی لاجورد سے نازک گل بوٹے بنائے گئے ہیں اور سرخ اور شنگرفی رنگوں کے ملاپ سے ایک نئے رنگ میں گلکاریاں کی گئی ہیں۔ ان دُہرے صفحوں پر جو گلکاری کی گئی ہے وہ ایک دوسرے سے الگ ہے۔ ہر دہرے صفحے کی گلکاری اپنی انفرادی شان رکھتی ہے۔ ہر سورۃ کا عنوان سفید حرفوں میں لکھا گیا ہے ہر سورۃ کی ابتدا سفید حرفوں سے ہوتی ہے جو گہری نیلی زمین پر لکھے

گئے ہیں۔ حاشیوں کے کئی سلسلے ہیں اور ان کے اندر یہ مقدس الفاظ لکھے گئے ہیں جیسے انہیں عام دنیا سے الگ کر کے ایک احاطے میں رکھا گیا ہے۔ اسی طرح قرآن کی تفسیر ہے۔ اس کے گوشوں پر گلکاری کی پٹیاں ہیں جو طلاء سے بنائی گئی ہیں اور ہر صفحہ کی گلکاری کی پٹیاں دوسرے صفحے کی پٹیوں سے بالکل ہی الگ ہیں یہ نازک گلکاری رنگین بھی ہے۔ پھر ایک چوڑا سا حاشیہ ہے۔ چوڑائی میں کوئی ایک انچ کے قریب۔ سفید اور سُنہرا۔ ان کے سوا چھوٹے چھوٹے طغرے ہیں نیلے، سرخ اور سُنہرے۔ اس کے بعد مقدس متن ہے، بڑے بڑے واضح حروف، سیاہی سے لکھے ہوئے اور کوئی ایک انچ چوڑے۔

اس جلد میں آپ کو ماہر فن کار کے ہاتھ ـــــ ہر صفحے اور ہر حرف کے پیچھے اس کی آنکھ، اس کا دماغ اور اس کا دل ـــــ کارفرما نظر آئیگا اور ماہر فن کار کے ہاتھ کی نزاکت اور چھاپے کی اکتا دینے والی یکسانیت اور مشین کی بے رسی کا فرق صاف نظر آئے گا۔ اس کا کاغذ جلادار ہے۔ اور ریشم کی طرح ہلکا۔ اس کے باوجود اس شاہانہ جلد کا وزن جس پر خالص سونا مڑھا گیا ہے، دس سیر سے کم نہ ہوگا۔ یہ پتہ نہیں یہ نسخہ کہاں سے اور کیسے یہاں آیا۔ پر اتنا یقینی ہے کہ یہ نسخہ کسی مرفہ الحال اور پرشکوہ عہد ہی میں عالم وجود میں آیا ہوگا۔ شاید اس کے لئے جس نے تاج محل بنایا ہے۔

ان نسخوں کے ساتھ ہی میرے سامنے نہایت چھوٹی تقطیع کا ایک نسخہ رکھا ہے۔ یہ زمانے کے ہاتھوں سیاہ پڑ چکا ہے۔ اس کی ساری تزئین بس سادے سے پھول دار حاشیے ہیں، جو ایک یا کہیں دو ہر صفحے پر بنائے

گئے ہیں۔ یہ کتاب ایک کرم خوردہ چرمی جلد کے اندر بندھی ہے اور شیرازہ تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ عربی حروف کے اوپر نقطوں کے نہ ہونے سے یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ یہ کتاب تیسری صدی ہجری کی لکھی ہوئی ہے۔ اور یہ کتاب اس کتب خانہ میں سب سے پرانی کتاب ہے۔ قرآن چاہے شاندار لکھے ہوئے ہوں یا سیدھے سادے، ان میں سچے مرد مومن کی نجات کا وہ راستہ معین کر دیا گیا ہے جو اسے اس دارالمحن کے پرخار راستوں سے بچاتا سیدھا اپنے مولا تک پہنچا دیتا ہے، اس مولا تک پہنچا دیتا ہے جو اللہ ہے، رحمٰن ہے، رحیم ہے۔

ان قرآنوں کے سوا یہاں حدیث کی بھی بے شمار کتابیں رکھی ہیں حدیث نبوی علم کا وہ شعبہ ہے جس سے مسلمان عالموں کو گہری دلچسپی رہی ہے۔ پروفیسر نکلسن کے الفاظ میں "رسول اللہ صلعم کی سوانح حیات لکھنے والا کوئی بوسویل[1] نہ تھا، لیکن جیسے ہی آپ نے تبلیغ شروع کی آپ کی شخصیت نمایاں ہو گئی تھی، اور آپ کے قول و فعل کو آپ کے صحابہ احتیاط کے ساتھ یاد رکھنے لگے اور آپ کے عمل کو توجہ کے ساتھ دیکھنے لگے۔ اس طرح اسلام کی پہلی صدی میں ایسے بہت سے زندہ گواہ موجود تھے جن سے حدیثیں جمع کی جا سکتی تھیں، اور جو انہیں یاد کر کے زبانی دوسروں تک پہنچاتے تھے۔ اس طرح جہاں ایک غیر جانبدار طالب علم ابن قتیبہ کے اس دعوے کی صداقت کو تسلیم کرے گا کہ کسی دین کو اتنی تاریخی صداقت نصیب نہیں ہوئی ہے جتنی کہ اسلام کو، وہاں اس کے ساتھ ہی وہ ایک اور مسلمان کے اس قول کی سچائی بھی ماننے پر مجبور ہو گا کہ

[1] جیمس بوسویل ۱۸ ویں صدی عیسوی کا ایک ماہر تذکرہ نویس انگریز تھا۔

"ہم کسی چیز میں اہل تقویٰ کو اس درجہ دروغ گوئی کا مرتکب نہیں پاتے جتنی کہ حدیث میں" یہاں میرے سامنے حدیث کی ایک کتاب رکھی ہے یہ سنہ ۹۱۱ ہجری کی مکتوبہ ہے اور ڈھاکے کے قریب اقدلہ میں بنگال کے بادشاہ سلطان حسین شاہ کے لئے لکھی گئی ہے۔ یہ ایک بڑی تقطیع کا نہایت نفیس نسخہ ہے، تین جلدوں میں نہایت پاکیزہ خط نسخ میں لکھا ہوا۔ اور ان کے لئے ایک نمونہ ہے جو غیر معمولی صبر طلب قلم۔ صفائی اور مہارت کا کام کرتے ہیں۔ ہر نئی عبارت ایک سنہری لوح کے ساتھ شروع کی گئی ہے جو حاشیہ پر بنائی گئی ہے۔ یہ لوح کچھ اس طرح بنائی گئی ہے جیسے اس سے چاروں طرف شعاعیں نکل رہی ہیں۔ خود متن میں ہر فصل کا عنوان نہایت نازک سنہری حروف میں لکھا گیا ہے۔ ہر حدیث کی ابتدا سرخی سے کی گئی ہے۔ اور کلام مجید کی آیتیں نیلے حروف میں لکھی ہیں۔ بڑے بڑے سنہرے وقفے اس شاہانہ نسخے کا حسن بڑھا رہے ہیں اور ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے محبوب کے چہرے پر خال!

یہ کتاب یہاں کیسے آئی؟ معلوم ہوتا ہے بہت سے انقلابوں کے کے بعد جب بنگالہ کے سلطان کی سلطنت ختم ہوگئی تو یہ کتاب عرب کے ایک ممتاز عالم اور زمیندار کے قبضہ میں آئی۔ ہندوستان میں انگریزی راج کی ابتداء میں انگریزوں نے وہابی تحریک کے نام سے جس اصلاحی تحریک کو کچلنے کے لئے سرفروش مجاہدوں کو تباہ و برباد کیا ہے ان میں یہ ایک زمیندار بھی تھے۔ انگریزی حکومت نے اسی نام نہاد وہابیت کے الزام میں ان کی زمینوں اور ان کے مال و اسباب کو ضبط کر لیا ان کی اور جائداد کے ساتھ ساتھ یہ کتاب اوروں کے قبضے میں چلی گئی اور

پھر کسی طرح اس گنجینۂ عام میں داخل ہوگئی۔

اسی موضوع پر ایک کتاب اور جو تزئین کے لحاظ سے اس کا مقابلہ تو نہیں کرسکتی البتہ اس سے بھی زیادہ قدیم ہے۔ یہ کتاب مسند ابی عوانہ ہے۔ یہ کتاب حال ہی میں صوبہ سرحد کے ایک مفلس عالم سے خریدی گئی ہے۔ یہ عالم شمالی مغربی صوبہ سرحد سے اس کتب خانے کا حال سُن سُن کر اسے دیکھنے آئے تھے۔ ممکن ہے یہ کتاب انہوں نے کسی کتب خانے سے یوں لے لی ہو یا یہ ان کی جائز ملک ہو اور صرف تنگ دستی کی وجہ سے اسے بیچا ہو۔ اس کتاب پر عرب کے کئی مشہور عالموں کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تحریریں ہیں اور یہ تحریریں مختلف صدیوں کی لکھی ہوئی ہیں۔

اسی قسم کی ایک اور کتاب رکھی ہے۔ یہ کتاب سنہ ۱۴۸۰ء میں شمس الدین علاء الدین نامی کسی دمشقی عالم اور کاتب نے خود دمشق کے شاہی کتب خانے کے لئے تحفۃً پیش کی تھی۔ ایک منقش صفحہ پر اس تحفہ کو اس شرط پر پیش کیا گیا ہے کہ یہ کتاب اس کتب خانے سے کبھی نہ ہٹائی جائے۔ کتاب کا معطی خداوند عالم کی بارگاہ میں ملتجی ہے کہ اس کی اس خواہش کو نظرانداز کرنے والے کو سزا دے۔ یہ ایک چھوٹی تقطیع کی کتاب ہے اور ایک پُرانے بھورے چمڑے سے اس کی جلد باندھی گئی ہے۔ جلد کے اوپر کچھ اس طرح کے نقش و نگار کئے گئے ہیں جیسے نقش و نگار اسلامی اندلس کی ٹائیلوں اور دیواری تزئین میں نظر آتے ہیں۔ اس کا شیرازہ بکھر گیا ہے۔ اور جگہ جگہ کیڑے اسے چاٹ گئے ہیں۔ کسی کو خبر نہیں یہ کتاب یہاں کیسے آئی۔ لیکن ہم اپنے قیاس کا گھوڑا دوڑا سکتے ہیں۔ یہ کتابوں کے متلاشی اسی عرب کا کارنامہ

ہوگا۔ جو اپنے آقا اور پٹنہ کے علم دوست مسلمان صاحب کتب خانہ کے لئے اتنی دور دراز ملکوں کی خاک چھانتا پھرتا تھا۔

یہاں میں ایک اور کتاب "سواطع الالہام" کا ذکر کروں گا۔ یہ کتاب تفسیر پر لکھی گئی ہے۔ اس کا مصنف اکبر کے دربار کا مشہور ادیب اور اکبر کے گہرے دوست اور خادم ابوالفضل کا بھائی فیضی ہے۔ اس کتاب کی غیر معمولی خصوصیت یہ ہے۔ کہ مصنف نے ایسے فارسی حروف استعمال نہ کرنے کا التزام کیا ہے۔ جن پر نقطے ہوتے ہیں (فارسی حروف تہجی کے آدھے سے زیادہ حروف ایسے ہی ہیں) اس طرح یہ خوبصورت صفحے جانے پہچانے نقطوں سے محروم ہیں، الا جہاں خود قرآن مجید کی آیتیں نقل کی گئی ہیں۔ قرآن خود خدا کا کلام ہے۔ اور اس میں کسی طرح کی تحریف ممکن نہیں۔ اس پابندی کے باوجود مصنف کی زبان اور بیان دونوں بالکل بے خطا ہیں۔ یہ ذہنی کرتب کا شاہکار ہے۔ یہ ایک ایسے سطحی لیکن محنتی آدمی کا کارنامہ ہے جو اپنے زمانے کے ممتاز ترین عالموں میں شمار ہوتا اور نہایت محنتی مصنفوں میں گنا جاتا تھا۔ اس کے سوا بھی فیضی ہندستان کے ایسے مصنفوں کی رو میں آتا ہے جنھوں نے بے حساب کتابیں لکھی ہیں۔ فیضی کے اس صبر طلب کام اور اعجوبہ پرستی کے لئے اسکی ایسی محنت کو دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ موجودہ نسخہ اصل کی ایک نہایت نفیس نقل ہے۔ یہ نسخہ سرخ اور نیلے قلم سے لکھا گیا ہے۔ اس کا منقش پہلا صفحہ نیلے اور سنہرے حرفوں میں لکھا گیا ہے۔

اس کے بعد میں رازی کی لکھی ہوئی ایک عربی نحو کا ذکر کروں گا یہ ایک زبردست عالم اور کاتب، عینی کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ ہے جو

ایک رات کے اندر ایک جلد لکھ ڈالتے تھے۔ ان کے ہاتھ کے لکھے اس نسخہ میں بھی ان کے قلم کی صبا رفتاری کا نشان ملتا ہے۔ ان کا قلم ایسا چلتا ہے جیسے سرپٹ دوڑتے ہوئے گھوڑے کے پیچھے رواں دواں تیز! اس کتاب پران کا نام لکھا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ اسے انھوں نے سنہ ۸۲۲ ھ میں لکھ کر مکمل کیا ہے۔ مدرسۂ عینیہ اور جامعۂ ازہر (کاتب نے اپنی ساری کتابیں اسی جامع ازہر کے لئے وقف کر دی تھیں) کی مُہریں میٹ دی گئی ہیں۔ صرف ایک دو مقام ایسے ہیں جہاں ان مُہروں کے حروف پڑھ لئے جا سکتے ہیں۔ اس کے بعد فقہ پر ایک کتاب لیجئے۔ یہ مشہور صوفی بزرگ سید بشیر حافی کی لکھی ہوئی ہے جو اولیاء بغداد میں سے تھے۔ جن کا زمانہ تیسری صدی ہجری کا ہے۔ کتاب کا موجودہ نسخہ سنہ ۴۸۳ ہجری میں ملک مصر میں لکھا گیا تھا۔ یہ نسخہ بڑا نادر اور نایاب نسخہ ہے۔ اس کا اور کوئی نسخہ کسی اور کتب خانہ میں موجود نہیں۔ چھوٹے سے قرآن کے ساتھ یہ اس کتب خانہ کی قدیم ترین کتاب ہے۔ اس کے باوجود یہ نہایت اچھی حالت میں ہے اور اس نے مرور زمانہ کا بڑی پامردی کے ساتھ مقابلہ کیا ہے۔

میں اپنی اس سیر کو صحابہ کے حالات پر ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ کی لکھی ہوئی کتاب اصابہ فی تمییز الصحابہ کے ذکر پر ختم کر دوں گا۔ اس نسخہ کا سب سے بڑا امتیاز یہ ہے کہ مصر کے ایک مملوک سلطان نے مکہ میں اپنے بنائے ہوئے ایک مدرسہ کے لئے سنہ ۱۴۹۴ء میں وقف کیا تھا۔ ایک مزین اور منقش صفحہ پر سلطان کا یہ وقف نامہ درج ہے۔ اس کے سوا اس پر مدرسہ کے مہتمم کے بھی دستخط ثبت ہیں۔ سرورق پر دو مُہریں بھی ثبت

ہیں۔ انہیں مٹنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاہم ایک مہر اب بھی پڑھی جاسکتی ہے۔ اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خود سلطان اشرف کا تحفہ تھا۔

⁂ ⁂ ⁂ ⁂

اس کتب خانہ میں داخل ہونا گویا اس کے گیٹ سے لگے ہوئے بازار کی عام دنیا سے نکل کر امیروں اور درویشوں کی محفل میں جا بیٹھنا ہے۔ ایک ایسی دنیا سے جو وقت کے پرخطر ہنگاموں میں ہچکولے کھا رہی ہے۔ ایک ایسی دنیا میں پہنچ جانا ہے جو خود اپنے دنوں میں بھی ایسی ہی ہنگامہ خیز تھی، پھر اب نہایت پرسکون ہے۔ اس کتب خانہ میں داخل ہونا ان لوگوں کی صنعت گری کی داد دینا ہے جن کی جی جان سے کی ہوئی محنت کا کہیں جواب نہیں۔ یہاں آکر یہ حقیقت روشن ہو جاتی ہے کہ اب بھی انسان کے اندر دو توام دھارے خدا پرستی اور شیطاں دوستی کے بہ رہے ہیں۔ یہاں آنا گویا حیات کے عجیب منظر کا ایک خاموش گوشے سے نظارہ کرنا ہے اور انسانیت کے انجام کے معمہ کا حل تلاش کرنا ہے جو لاینحل نظر آتا ہے۔ یہاں بڑی بڑی سلطنتوں کا زوال پردے پر چھوٹی چھوٹی تصویروں سے بڑھ کر نہیں معلوم ہوتا۔ آپ ان کی ابتدا ان کے عروج اور ان کے زوال کا نظارہ کر سکتے ہیں۔ ایک ایسے ملک میں جہاں ارواح کے دوسرے روپ میں جنم لینے کا عقیدہ عام ہے، جس میں بڑے بڑے دریا پانی جمع کرتے ہیں۔ پھیلتے ہیں اور پھر غائب ہو جاتے ہیں۔ جہاں لگاتار تعمیر اور مسلسل بربادی عام ہے۔ اس عمل کا نظارہ ہر روز کتب خانہ کی چھت سے کیا جا سکتا ہے۔ اس کے

بعد یہ حقیقت بڑی بری طرح محسوس ہونے لگتی ہے کہ ان کتابوں کی صحبت کا لطف ایک وقت کی بات ہے۔ اور ایک وقت کے لئے ہی یہ سب یہاں اکھٹی ہوگئی ہیں۔ ان کے اس شاندار اجتماع کی مدت وقت کے ناپیدا کنار سمندر کے مقابل ایک لمحہ کے لئے ہے۔ اس اجتماع میں بعض کتابیں حد درجہ ناپائدار ہیں اور بعض چھوٹی موٹی بھی ہیں۔ اس تھوڑی مدت کے بعد وہ کسی دن اتفاقات کے وسیع سمندر میں پھر اپنے سفر پر روانہ ہو جائیں گی۔ ان کے اس ہنگامہ سے خالی اور خاموش زندگی کے دور میں ان سے مل کر بڑی خوشی ہوتی ہے۔ ان کے بنانے والوں کے انہماک اور شغف کو دیکھ کر جی نہال ہو جاتا ہے۔ صنائع کی محبت، شاعر کے جذبہ اور امیروں کی شائستگی کے لئے دل سے واہ واہ نکلتی ہے۔ یہ لوگ لڑائیوں کے ہنگاموں طبل و کوس کے غل غپاڑوں اور ہتھیاروں کی جھنکاروں میں بھی اپنی تہذیب کے باغ کی آبیاری کو فراموش نہ کرتے تھے اور انسانیت کے دشوار گزار سفر میں انسان کی مدد کرنا نہ بھولتے تھے۔

کتب خانے کے بانی کے سوا ایسے لوگوں کے ناموں کی فہرست جنہوں نے کتب خانے کو کتابیں دی ہیں

۱۔ دیوان حافظ۔ یہ وہی نسخہ ہے جو شہنشاہوں کے قبضہ میں رہا۔ یہ نسخہ مولوی سبحان اللہ خاں رئیس و زمیندار گورکھپور نے کتب خانہ کو عطا کیا ہے۔

۲۔ مطلع الانوار۔ یہ نسخہ کتب خانہ کو شہر پٹنہ کے سید خورشید نواب صاحب نے عطا کیا ہے۔ اس کے اندر مشہور ایرانی مصور محمود کے قلم کی چار تصویریں ہیں اور یہ سر اڈورڈ ڈنی سن راس کی نظر میں کتب خانے کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔

۳۔ کپڑے پر لکھا ہوا ایک قرآن شریف۔ یہ قرآن شریف نہایت باریک نسخ میں لکھا گیا ہے اور شروع سے آخر تک اس پر سنہری افشاں چھڑکی گئی ہے۔ یہ قرآن شریف بھی سید خورشید نواب صاحب نے پیش کیا ہے۔ آخر میں سید خورشید نواب صاحب نے اپنی کتابوں کا پورا مجموعہ جن میں (۱۲۵۵) قلمی کتابیں تھیں، سنہ ۱۹۰۴ء میں کتب خانہ کو عطا کر دیا۔

۴۔ فارسی اور عربی کی چھپی ہوئی اور قلمی کتابوں کے دو اور مجموعے سنہ ۱۹۰۴ء اور سنہ ۱۹۱۵ء میں پٹنہ کے سید صفدر نواب صاحب مرحوم اور مولوی سید عبدالمجید صاحب کی طرف سے کتب خانے کو ملے۔ پہلے مجموعہ میں (۶۶) کتابیں ہیں اور دوسرے مجموعہ میں (۶۸) قلمی نسخے ہیں۔

خطاطی کے استادوں پر ایک نوٹ

۱۔ جلال الدین عبدہ دیا قوت المستعصمی بن عبداللہ رومی، جس کے ہاتھ کے (سنہ ۸۰۶ھ کا لکھا ہوا) قرآن مجید کا ایک نسخہ اس کتب خانہ کے نہایت اہم خزینوں میں شمار کیا جاتا ہے، تیرہویں صدی عیسوی کے آخری عباسی خلیفۂ بغداد المستعصم باللہ کے دربار کا خطاط تھا۔ اگرچہ خط نسخ کی ایجاد ابن مقلہ کا کارنامہ ہے لیکن اس خط کو مکمل کرنے اور اس میں نازک نوک پلک بنا بنا کر اسے دوسرے تمام خطوں سے ممتاز بنانے کا سہرا یاقوت کے سر ہے۔

۲۔ میر علی تبریزی، جس کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک مجموعہ (یا منتخب اشعار کا مجموعہ) اس کتب خانہ میں موجود ہے، شہید کربلا حضرت حسینؓ کی اولاد میں تھا۔ غلام محمود نے اپنے تذکرۂ خوش نویساں میں لکھا ہے کہ اس خطاط نے نسخ اور تعلیق دونوں خطوں کو ملا کر وہ خوشنما خط ایجاد کیا جسے نستعلیق کہا جاتا ہے۔ یہ طرز میر علی سے پہلے کے خطاطوں کو بھی معلوم تھی اور اس طرز میں وہ لکھتے بھی تھے۔ لیکن یہ کوئی باقاعدہ خط نہ تھا۔ ان کے برخلاف میر علی نے قطعی اصولوں پر کام کیا اور اپنے پیش رو خطاطوں کے کام میں جو خامیاں پائیں تھیں ان کو دور کیا۔ میر علی کی اس اصلاح اور اس بدعت کو اس کے ہم عصر بڑی قدر کی نگاہوں سے دیکھتے تھے میر علی کی اصلاحوں کی بنیاد پر خطاطوں کے ایک نئے مکتب کی بنیاد رکھی گئی اور اس مکتب کے خطاطوں میں آگے چل کر میر عماد اور دوسرے خطاطوں نے بڑا نام پیدا کیا۔

میر علی تبریزی، تیمور (۱۳۵۲ء - ۱۴۰۵ء) کا ہم عصر تھا۔ اس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتابیں بہت ہی نادر اور نایاب ہیں۔ اس کتب خانے کے ایسے ہی ایک نسخے پر شاہجہاں کی تحریر ثبت ہے۔

۳۔ میر عماد حسینی قزوینی، جس کی خطاطی کے اعجاز کے نمونے اس کتب خانے میں موجود ہیں، بڑے نفیس اور نہایت دیدہ زیب نستعلیق خط کا ماہر تھا۔ ایران کے صفوی بادشاہ شاہ عباس اول کو میر عماد کے ہاتھ کے لکھے ہوئے شاہنامہ کے نسخہ کی بڑی خواہش تھی۔ اس خواہش کی تکمیل کے لئے اس نے میر عماد خطاط کے پاس ستر تومان (سونے کا سکہ) بھیجے، ایک سال گزر گیا۔ کاتب کے پاس شاہی قاصد یہ پوچھنے کے لئے پہنچا کہ شاہنامہ لکھنے کا کام پورا ہوا یا نہیں؟ میر عماد نے ستر شعر قاصد کے حوالے کئے۔ یہ ستر شعر اس نے شاہنامہ کے ابتدائی حصہ سے نقل کئے تھے۔ اور کہلا بھیجا کہ جو معاوضہ اسے ملا تھا وہ بس اتنے ہی کے لئے تھا۔ یہ جواب سُن کر شاہ عباس بہت برہم ہوا۔ اس نے میر عماد کے لکھے ہوئے ورق واپس کرکے اپنے بھیجے ہوئے تومان کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ میر عماد نے ان ستر شعروں کے ستر ٹکڑے کئے، اور انہیں اپنے ستر شاگردوں میں تقسیم کردیا ہر شاگرد نے ایک ایک تومان استاد کے نذر کیا اور اس طرح بادشاہ کی بھیجی ہوئی رقم واپس کردی گئی۔ اس ذراسی بدتمیزی پر شاہ عباس اور بھڑکا، اور اس کے بدلے میں بدنصیب خطاط کو اپنی جان سے ہاتھ دھونا پڑا۔ شاہ عباس کے ایک غلام مقصود بیگ نے اسے سنہ ۱۰۲۴ھ (م ۱۶۲۵ء) میں مار ڈالا۔ کہتے ہیں شاہجہاں جو میر عماد کے خط کا بڑا شیدائی تھا، ہر اس شخص کو جو میر عماد کے ہاتھ کی لکھی ہوئی کوئی چیز پیش کرتا، ایک ہزاری کا

کا منصب عطا کرتا تھا۔

۴۔ عبدالرشید دیلمی جس کے خوبصورت نستعلیق قلم کے نمونے اس کتب خانے میں دکھائی دیتے ہیں۔ عام طور پر آقا رشید کے نام سے مشہور تھا۔ یہ عماد کا بھانجا اور اس کا شاگرد تھا اس نے میر عماد کی طرز کو اور ترقی دی اور اپنی فن کاری کے لئے ایران میں بڑی شہرت حاصل کی۔ میر عماد کے قتل کے بعد وہ ہندستان چلا آیا۔ یہاں شاہجہاں کے دربار میں اسے رسائی حاصل ہوئی شاہجہاں نے اسے اپنے کم نصیب بیٹے دارا کو خطاطی سکھانے پر مقرر کیا۔ رشید نے سنہ ۱۰۸۱ھ میں وفات پائی۔

سید علی خاں جواہر رقم ابن آقا مقیم تبریز سے ہندستان آیا۔ شہنشاہ اورنگ زیب نے اسے شاہی خاندان کے بچوں کو خطاطی سکھانے پر مقرر کیا۔ یہ میر عماد اور آقا رشید کی طرز ہی میں لکھا کرتا تھا۔ اور اپنے خط کی خوبی کے لحاظ سے ان سے کسی طرح کم نہ تھا۔ کچھ دنوں تک جواہر رقم شاہی کتب خانہ کا منتظم بھی رہا۔ عمر کے آخری دور میں اس کے حواس جواب دے گئے تھے، اور وہ دیوانہ ہو گیا تھا۔ سنہ ۱۰۹۴ھ (۱۶۸۳ء) میں اس نے دکن میں وفات پائی۔

دوسرا حصہ

نادر فارسی مخطوطات کی فہرست[1]

تاریخ

۱۔ تاریخ طبری: طبری (متوفی سنہ ۳۱۰ھ سنہ ۹۲۱ء) کی عام تاریخ کا فارسی ترجمہ از بلعمی (ترجمہ کا زمانہ سنہ ۳۵۲ھ سنہ ۹۶۳ء) دو جلدوں میں مکتوبہ سنہ ۷۰۴ھ

۲۔ مجمل فصیحی: ۔ اہم واقعات کا ایک دلچسپ مجموعہ اس میں ولادت نبوی سے لے کر سنہ ۸۴۵ھ سنہ ۱۴۴۱ء تک کے اہم واقعات کو ترتیب زمانی کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ اس کا مصنف مجمل فصیحی خوافی ہے۔ یہ نسخہ نہایت درجہ صحیح، خوش خط اور نایاب ہے۔ اور سنہ ۹۹۳ھ کا مکتوبہ ہے (نمبر ۴۵۵)

۳۔ خلاصۃ الاخبار: ۔ ایشیا کی تاریخ کا ایک بہترین خلاصہ از خوندمیر (متوفی سنہ ۹۴۱ھ سنہ ۱۵۳۴ء) ایک قدیم اور صحیح نسخہ۔ سنہ ۹۶۶ھ کا مکتوبہ (نمبر ۴۶۳)

۴۔ تاریخ ابوالخیر خانی: ۔ عام تاریخ۔ اس میں ابوالخیر خاں قبچاق کے دور حکومت کا تفصیلی حال بھی درج ہے۔ اسے ازبک سلطان عبداللطیف

---

[1] یہ فہرست اس کتاب کے لئے خاں صاحب مولوی عبدالمقتدر صاحب نے خاص طور پر تیار کی ہے۔

بہادر خاں (سنہ ۹۴۷ھ ۱۵۴۰ء - سنہ ۹۵۹ھ ۱۵۵۱ء) کے حکم پر مسعود بن عثمان خزستانی نے تصنیف کیا ہے۔ ایک نہایت نایاب اور صحیح نسخہ مکتوبہ سنہ ۹۹۹ھ (نمبر ۴۶۸)

۵۔ تحفۃ الکرام :- ایک عمومی تاریخ اور سندھ کی خصوصی تاریخ (سنہ تصنیف سنہ ۱۱۸۰ھ ۱۷۶۶ء) از میر علی شیر خاں ٹھٹھوی۔ ایک صاف ستھرا اور خوبصورت نسخہ، اسے سنہ ۱۲۳۳ھ میں محمد اسماعیل شیرازی نے محمد ناصر خاں ایرانی کے لئے لکھا تھا (نمبر ۴۷۹)

۶۔ ترجمہ مولود النبی :- فارسی ترجمہ (سنہ تصنیف سنہ ۷۶۰ھ ۱۳۵۸ء) یہ سعید بن مسعود الکازرونی (متوفی سنہ ۷۵۵ھ ۱۳۵۴ء) کی لکھی ہوئی سیرۃ النبی کا ترجمہ ہے جو سعید کے بیٹے عفیف نے کیا ہے۔ یہ ایک قدیم اور صحیح نسخہ ہے اور سنہ ۸۴۱ھ کا لکھا ہوا ہے۔

۷۔ درج الدرر :- مفصل سیرت النبی۔ از علاء الدین عبداللہ (متوفی سنہ ۸۸۳ھ ۱۴۷۸ء) ایک بہت نایاب نسخہ۔

۸۔ مناقب مرتضوی :- چوتھے خلیفہ امیر المومنین حضرت علیؓ کے سوانح و مناقب۔ از کاشفی (متوفی سنہ ۱۰۶۱ھ ۱۶۵۰ء) یہ ایک بیش قیمت نسخہ ہے مصنف کی وفات کے صرف تیرہ سال بعد سنہ ۱۰۷۴ھ میں لکھا گیا ہے (نمبر ۴۹۴)

۹۔ روضۃ الشہداء :- رسول خدا، حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ حضرت حسن اور حضرت حسین اور دوسرے شہداء کی سیرت۔ از ملا حسین واعظ کاشفی (متوفی سنہ ۹۱۰ھ ۱۵۰۴ء) نہایت نفیس نسخہ۔ مکتوبہ سنہ ۹۷۶ھ

۱۰۔ حیات القلوب :- انبیاء کا تذکرہ از باقر مجلسی (متوفی

سنہ ۱۱۱۱ھ/۱۶۹۸ء) نہایت بیش قیمت نسخہ۔ مصنف کی زندگی یعنی سنہ ۱۰۹۰ھ کا مکتوبہ (نمبر ۵۰۱)

۱۱۔ مختار نامہ :- منظوم حسین ابن علی، مختار کی تاریخ (سنہ تصنیف سنہ ۹۴۶ھ/۱۵۹۳ء) از ابوذر سلمان۔ نہایت نادر، صحیح اور قیمتی نسخہ۔ مشہور کاتب مرشد الکاتب شیرازی کے ہاتھ کا لکھا ہوا۔ مکتوبہ سنہ ۹۴۷ھ (نمبر ۵۰۴)

۱۲۔ تاریخ عالم آرائے عباسی :- (صحیفہ دوم)۔ ایران کے شاہ عباس کبیر کے دورِ حکومت کے ابتدائی تیس سالوں کی تاریخ سنہ ۹۹۶ھ/۱۵۸۸ء تا سنہ ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء) ایک نادر نسخہ۔ سنہ ۱۰۳۴ھ کا یعنی تصنیف کے چار سال بعد کا مکتوبہ نسخہ (۵۲۱)

۱۳۔ ہشت بہشت :- عثمانی ترک خاندان کے پہلے آٹھ حکمرانوں کی تاریخ۔ از حکیم الدین ادریس البیدیسی (متوفی ۹۲۶ھ/۱۵۲۰ء) تین جلدوں میں خود مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ۔ نہایت نادر اور بیش قیمت (۵۳۲-۵۳۴)۔

۱۴۔ سیرت فیروزشاہی :- فیروزشاہ کے دورِ حکومت کے ابتدائی سالوں کی ایک بے مثل تاریخ فیروزشاہ کی خوبیوں۔ اس کی خلق دوستی۔ اس کے تعمیری کاموں، یادگاروں اور عوامی بھلائی کے کاموں وغیرہ کی تفصیل۔ مصنف کا نام معلوم نہیں۔ تصنیف کا سنہ ۷۷۲ ہجری (م سنہ ۱۳۷۰ء) ہے یعنی اس شہنشاہ کے دورِ حکومت کے بیسویں سال لکھی گئی ہے۔ یہ نسخہ سنہ ۱۰۰۲ء کا مکتوبہ ہے (نمبر ۵۴۷)

۱۵۔ تاریخ داؤدی :- بہلول لودھی سے لے کر داؤد شاہ کی وفات (سنہ ۹۶۸ھ/۱۵۶۰ء) تک لودھی اور سور خاندانوں کی تاریخ۔ اسے شہنشاہ جہانگیر کے عہد میں عبداللہ نامی کسی مصنف نے تصنیف کیا ہے۔ یہ ایک

نایاب کتاب ہے (نمبر ۵۴۸)

۱۶۔ واقعات بابری :۔ بابر کی تزک کا فارسی ترجمہ (از عبدالرحیم خانخاناں۔ یہ ایک عمدہ نسخہ ہے اور غزنی میں کسی امیر کے کتب خانہ کے لئے لکھا گیا ہے۔ (نمبر ۵۴۹)۔

۱۷۔ تاریخ خاندان تیموریہ :۔ ایران میں تیمور اور اس کے جانشینوں اور بابر، ہمایوں اور اکبر کے بائیسویں سنہ جلوس تک کی تاریخ۔ اس کا دوسرا نسخہ اب تک کہیں اور دریافت نہیں ہوا ہے۔ نہایت بیش قیمت اور حد درجہ دلچسپ نسخہ۔ اس کے اندر (۱۱۲) تصویریں ہیں۔ ان تصویروں کو شہنشاہ اکبر کے دربار کے ساٹھ مصوروں نے خود شہنشاہ کے لئے تیار کیا تھا۔ نسخہ پر شہنشاہ شاہجہاں کے ہاتھ کی لکھی ہوئی عبارت موجود ہے۔ اس کے سوا فرانسس گلاڈون کے دستخط بھی اس پر ثبت ہیں

۱۸۔ سوانح اکبری :۔ اکبر کی ولادت سے لے کر اس کے چوبیسویں سنہ جلوس (۹۸۷ھ/۱۵۷۹ء) تک کی تاریخ۔ از میر حیدر حسینی بلگرامی۔ نایاب کتاب۔ اس نسخہ پر جے، ایچ، بلوخ مان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے بہت سے کارآمد حواشی درج ہیں۔ (نمبر ۵۵۶)

۱۹۔ جہانگیر نامہ :۔ تزک جہانگیری کا ابتدائی متن۔ جو جہانگیر کے دور حکومت کے تیسرے سال لکھا گیا ہے۔ یہ مخطوطہ ۱۰۲۰ھ یعنی چھٹے سال جلوس کا مکتوبہ ہے۔ اس پر شہزادہ محمد سلطان (اورنگ زیب کے سب سے بڑے بیٹے) کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک عبارت درج ہے۔ یہ کتاب شہزادہ محمد سلطان کے قبضے میں گولکنڈے کے قطب شاہی بادشاہوں کے کتب خانہ سے آئی تھی۔ کتاب کے پہلے صفحہ پر سلطان محمد قطب شاہ اور سلطان عبداللہ قطب شاہ

کی مہریں ثبت ہیں (۵۵۷)

۲۰۔ اقبال نامہ جہانگیری :۔ عہد جہانگیر کی تاریخ۔ از معتمد خاں (متوفی سنہ ۱۰۴۹ھ / ۱۶۳۹ء) یہ کتاب تین جلدوں پر منقسم ہے۔ اس کی پہلی دو جلدیں جو جہانگیر کے اسلاف کی تاریخ پر ہیں، حد درجہ نایاب ہیں۔

۲۱۔ شاہجہاں نامہ :۔ شاہجہاں کے دور حکومت کی مکمل تاریخ چار جلدوں میں ہر جلد الگ الگ مصنف کی لکھی ہوئی۔ یہ نسخہ ایک قیمتی اور صحیح نسخہ ہے اور عہد اورنگ زیب کے مرزا اسلطان کی فرمائش پر لکھا گیا ہے۔ اس پر لوئی دی کاسٹا، فرانسس گاڈون اور میجر پولر کے دستخط ثبت ہیں۔

۲۲۔ بادشاہ نامہ :۔ شاہجہاں کے دور کی ایک اور مکمل تاریخ اس کے دو حصے ہیں۔ اور دونوں الگ الگ مصنفوں کے قلم سے نکلے ہیں۔ اس میں بارہ قلمی تصویریں بھی ہیں اور متاخر عہد مغل قلم کا بہترین نمونہ ہیں۔ ان کے سوا شاہجہاں کے عہد کی عمارتوں اور مسجدوں کے سات رنگین نقشے بھی ہیں۔ دہلی دربار سنہ ۱۹۱۱ء کے موقع پر انگلستان کے بادشاہ سلامت اور ملکہ نے اسے ملاحظہ فرمایا تھا۔

۲۳۔ سیر المتاخرین :۔ کوروؤں اور پانڈوؤں کے عہد سے لے کر سنہ ۱۱۹۵ھ / ۱۷۸۱ء تک بنگال کی تفصیل۔ (سنہ تصنیف سنہ ۱۱۹۵ھ / ۱۷۸۱ء) از غلام حسین طباطبائی بہت صحیح نسخہ اور غالباً خود مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔

۲۴۔ فاتحہ عبریہ :۔ میر جملہ نے اورنگ زیب کے عہد میں کوچ بہار اور آسام پر جو چڑھائی کی تھی اور یہ مہم جس طرح ناکام رہی اس کا تفصیلی حال (سنہ تصنیف ۱۰۷۳ھ) از شہاب الدین

ثالث۔ یہ نسخہ مصنف کے پوتے اعتصام الدین نے سنہ ۱۱۰۱ھ کے لگ بھگ اپنے قیام لندن کے دوران میں آرچبالڈسون ٹن کے گھر میں لکھا تھا۔

سوانح

۲۵۔ تذکرۃ الاولیار :۔ (حصہ اول) مشہور صوفیہ کے حالات ان میں کے بیشتر صوفیار پہلی تین ہجری صدیوں کے ہیں۔ از شیخ فریدالدین عطارؒ (متوفی سنہ ۶۲۷ھ / ۱۲۲۹ء) ایک قدیم اور صحیح نسخہ۔ مکتوبہ ۷۲۴ھ

۲۶۔ اسی کتاب کا ایک اور نسخہ خوبصورت اور واضح خط نسخ میں لکھا ہوا مکتوبہ سنہ ۸۳۰ھ

۲۷۔ اسی کتاب کا ایک اور خوبصورت اور نہایت صحیح نسخہ جس کے حاشیوں پر بہت سے مفید نوٹ درج ہیں۔ مکتوبہ سنہ ۹۲۹ھ۔

۲۸۔ آثار الوزرار :۔ عہد قدیم سے لے کر سنہ ۸۷۳ھ تک کے مشہور وزیروں کے حالات (سنہ تصنیف ۸۳۳ھ) از سیف الدین حاجی۔ کمیاب۔ صحیح اور عمدہ نسخہ۔ مکتوبہ سنہ ۱۰۴۴ھ

۲۹ رشحات :۔ طریقۂ نقشبندیہ کے شیوخ کے حالات۔ اور خاص کر مصنف کے پیر خواجہ عبید اللہ احرار کے حالات۔ سنہ تصنیف ۹۰۹ھ (از فخر الدین علی صفی)

۳۰۔ مراۃ القدس :۔ حضرت عیسیٰؑ کی سیرت۔ اسے شہنشاہ اکبر کی فرمائش پر سنہ ۱۰۱۰ھ / ۱۶۰۲ء میں پادری جرنی موزوایر نے لکھا۔ ایک عمدہ اور صحیح نسخہ۔ مکتوبہ سنہ ۱۱۳۷ھ

۳۱۔ مجالس العشاق :۔ ایسے ستر مشہور صوفیار کے حالات؟

دوسری صدی ہجری سے لے کر مصنف کے زمانے تک گزرے ہیں۔ اس کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ یہ کتاب سلطان حسین بالقیرا کی لکھی ہوئی ہے۔ لیکن دوسرے باوثوق مصنفوں کا بیان ہے کہ یہ کتاب کمال الدین حسین کی تصنیف ہے۔

۳۲۔ اسی کتاب کا ایک اور نہایت درجہ قیمتی اور خوبصورت نسخہ۔ اس میں نفیس ترین ایرانی قلم کی (۳۲) تصویریں ہیں۔ متن نہایت خوبصورت نستعلیق خط میں کاتب احمد الحافظ شیرانی نے لکھا ہے۔

۳۳۔ سفینۃ الاولیاء :۔ ابتدائے اسلام سے لے کر مصنف کے زمانے تک کے مشہور شیوخ کے سوانح۔ سنہ تصنیف ۱۰۴۹ہجری۔ از شاہزادہ دارا شکوہ۔ نہایت درجہ بیش قیمت نسخہ۔ خود مصنف نے اس کی نظر ثانی اور تصحیح کی ہے۔ کتاب کی ابتدا میں مصنف کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک عبارت بھی درج ہے۔

۳۴۔ مآثر رحیمی۔ (آخری حصہ)۔ عبدالرحیم خانخاناں کے ہم عصر حکیموں، طبیبوں، عالموں، فاضلوں، خطاطوں، خانخاناں کے فوجی سرداروں اور اس کے دربار کے مدح گو شاعروں کا تذکرہ۔ زمانہ تصنیف سنہ ۱۰۲۵ہجری۔ از عبدالباقی نہاوندی۔

۳۵۔ اسی کتاب کا ایک اور نہایت بیش قیمت نسخہ۔ اس کے حاشیوں پر کئی اہم نوٹ درج ہیں۔ یہ نسخہ کسی وقت اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں کے دور کے مشہور امیر مہابت خاں کے بیٹے فیروز جنگ کی ملک میں رہ چکا ہے۔

۳۶۔ کلمات الصادقین :۔ دہلی میں آسودۂ خاک اولیاء

کے حالات۔ زمانۂ تصنیف سنہ ۱۰۲۳ھ از صادق ہمدانی۔ نہایت درجہ نادر اور قیمتی نسخہ۔

۳۷۔ مراۃ مداری :۔ ہندستان کے مشہور بزرگ حضرت شاہ مدار کی سوانح عمری زمانۂ تصنیف سنہ ۱۰۶۴ھ۔ از عبدالرحمٰن چشتی۔ نایاب

۳۸۔ ید بیضا :۔ متقدمین اور متاخرین شعرائے ایران کا تذکرہ زمانۂ تصنیف سنہ ۱۱۴۸ھ۔ از غلام علی آزاد بلگرامی۔ ایک قیمتی اور صحیح نسخہ۔ اس کا بیشتر حصہ خود مصنف نے لکھا ہے۔

۳۹۔ عقد ثریا :۔ عہد محمد شاہ سے شاہ عالم بادشاہ کے عہد تک کے بیشتر فارسی گو ہندستانی شاعروں کا تذکرہ۔ زمانۂ تصنیف سنہ ۱۱۹۹ھ اردو کے مشہور شاعر مصحفی کی تصنیف۔ نادر۔

۴۰۔ گل رعنا :۔ ہندستان کے ہندو مسلم شاعروں کا تذکرہ۔ ترتیب حروف تہجی کے لحاظ سے زمانۂ تصنیف سنہ ۱۱۸۲ھ از لچھمی نارائن شفیق نہایت نادر۔

۴۱۔ مخزن الغرائب (۳۱۴۸) فارسی گو شاعروں کا نہایت ضخیم تذکرہ زمانۂ تصنیف ۱۲۱۸ ہجری۔ از احمد علی ہاشمی۔ دو جلدوں میں مکتوبہ سنہ ۱۲۲۴ھ۔ یعنی تصنیف کے پانچ سال بعد کا لکھا ہوا

۴۲۔ خلاصۃ الاشعار تقی کاشی (متوفی سنہ ۱۰۱۶ھ) کے تذکرۃ الشعرا کا ایک حصہ۔ اس حصہ میں حافظ (متوفی سنہ ۷۹۲ھ) سے لے کر فغانی (متوفی سنہ ۹۲۵ھ) تک کے شعرا کے حالات درج ہیں۔ یہ کتاب بہت نایاب ہے۔

۴۳۔ عرفات العاشقین :۔ فارسی گو شاعروں کا ایک نہایت

ضخیم تذکرہ ۔ زمانہ تصنیف سنہ ۱۰۲۲ھ ۔ از تقی اوحدی ۔ یہ کتاب حددرجہ نایاب ہے ۔

۴۴ ۔ سفینہ خوشگو ۔ (جلد سوم) ۔ از خوشگو مصنف کے ہم عصر شاعروں کا تذکرہ ۔ زمانہ تصنیف ۱۱۴۷ھ/۱۷۳۴ء ۔ یہ قیمتی نسخہ اس کتاب کی نہایت نایاب اور اہم تیسری جلد کا دوسرا حصہ ہے ۔ یہ نسخہ غلام علی آزاد بلگرامی کی فرمائش پر سنہ ۱۱۸۲ھ میں لکھا گیا تھا ۔

نظم

۴۵ ۔ شاہنامہ :۔ از فردوسی طوسی (متوفی ۴۱۱ھ/۱۰۲۰ء) نہایت خوبصورت اور مصور نسخہ ۔ ایرانی قلم کی تصویریں طلائی اور رنگین بنائی گئی ہیں ۔ نہایت نفیس اور واضح نستعلیق میں مشہور خطاط مرشد الکاتب شیرازی نے سنہ ۹۴۲ ہجری میں لکھا ہے ۔ یہ قلمی نسخہ شہنشاہ شاہجہاں کی خدمت میں کابل اور کشمیر کے صوبہ دار علی مردان خاں نے بطور نذرانہ پیش کیا تھا (نمبر ۱)

۴۶ ۔ شاہنامہ :۔ شاہنامہ کا ایک اور خوبصورت اور مرصع نسخہ ۔ ایرانی قلم کی نفیس تصویریں طلا کار مرصع حاشیوں کے اندر بنائی گئی ہیں ۔ ان تصویروں میں صحرائی مناظر پیش کئے گئے ہیں ۔ (نمبر ۲)

۴۷ ۔ منطق الطیر :۔ از شیخ فرید الدین عطار (متوفی ۶۲۷ھ/۱۲۲۹ء) بہت قدیم نسخہ ۔ مکتوبہ سنہ ۸۴۳ ہجری ۔

۴۸ ۔ رباعیات سیف الدین :۔ سیف الدین (متوفی ۶۵۸ھ/۱۲۵۹ء) کی رباعیاں نایاب اور نہایت نفیس قلم میں لکھا ہوا نسخہ ۔ بظاہر

نویں صدی ہجری کا مکتوبہ (نمبر ۵۶)

۴۹۔ دیوان اسیر :۔ اسیر (متوفی ۶۶۵ھ / ۱۲۶۶ء) کا دیوان۔ خوبصورت اور نایاب نسخہ۔ مکتوبہ سنہ ۱۰۱۵ ہجری۔ اس نسخہ پر گولکنڈے کے چھٹے قطب شاہی سلطان عبداللہ قطب شاہ کی مہر ثبت ہے۔ (نمبر ۵۷)

۵۰۔ مثنوی مولوی معنوی :۔ از مولانا جلال الدین رومی (متوفی ۶۷۲ھ / ۱۲۷۳ء) نہایت باریک نستعلیق خط میں محمد بن حسن کرمانی نے سنہ ۹۵۶ ہجری میں لکھا ہے۔ (نمبر ۵۹)

۵۱۔ دیوان امامی :۔ امامی ہروی (متوفی ۶۸۶ھ / ۱۲۷۷ء) کی رباعیوں کا کمیاب نسخہ۔ (نمبر ۸۸)

۵۲۔ کلیات سعدی :۔ شیخ سعدی (متوفی ۶۹۱ھ / ۱۲۹۱ء) کے کلیات کا ایک خوبصورت نسخہ۔ اس میں کشمیری قلم کی نفیس تصویریں بھی دی گئی ہیں۔ شروع سے آخر تک حاشیہ حد درجہ مرصع اور طلاکار ہے۔ (نمبر ۹۲)۔

۵۳۔ شش رسالہ سعدی :۔ سعدی کے چھ رسالوں کا ایک قیمتی نسخہ۔ اس نسخہ پر شہنشاہ شاہجہاں اور عبدالرحیم خانخاناں کے ہاتھ کی لکھی ہوئی عبارتیں درج ہیں۔ اس کو مشہور کاتب میر علی کے بیٹے باقر نے لکھا ہے۔ (نمبر ۹۰)

۵۴۔ گلستان و بوستان (ایک جلد میں مجلد)۔ نہایت واضح اور نفیس خط نسخ میں ہدایت شیرازی نے لکھا ہے۔ اس کے اندر تصویریں بھی دی گئی ہیں۔

۵۵۔ بوستاں۔ بوستاں سعدی کا انتخاب۔ حد درجہ

باریک اور خوبصورت نستعلیق خط میں لکھا ہوا نسخہ۔ اسے غالباً میر عماد
(متوفی سنہ ۱۰۲۴ ہجری) نے لکھا ہے۔ (نمبر ۹۹)

۵۶۔ گلستاں :۔ گلستاں سعدی کا ایک قیمتی نسخہ۔ نہایت باریک نستعلیق خط میں سُنہری افشاں کئے ہوئے مختلف رنگ کے کاغذوں پر محمد القوام شیرازی نے سنہ ۹۹۰ھ میں لکھا ہے (نمبر ۱۰۲)

۵۷۔ گلستاں :۔ گلستاں کا ایک اور نفیس نسخہ۔ اسے ہدایت اللہ زرین قلم نے سنہ ۱۱۱۵ھ میں لکھا ہے۔ (نمبر ۱۰۳)

۵۸۔ شرح گلستاں :۔ سروری (متوفی سنہ ۹۶۹ھ / ۱۵۶۱ء) کی شرح گلستاں کا ایک نہایت درجہ قیمتی نسخہ۔ خود مصنف نے نہایت پختہ اور عالمانہ خط نسخ میں سنہ ۹۶۱ ہجری کے قریب یعنی اپنی وفات سے کوئی آٹھ سال پہلے لکھا ہے۔ (نمبر ۱۰۷)

۵۹۔ نورستان :۔ گلستان سعدی کی شرح۔ مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ۔ مصنفہ محمد واصلی کردی سالاری۔ عہد بہادر شاہ کی تصنیف مکتوبہ سنہ ۱۱۲۴ھ / ۱۷۱۲ء (نمبر ۱۰۸)

۶۰۔ ہفت بند کاشی :۔ مشہور مرثیہ گو شاعر محتشم کاشانی (متوفی سنہ ۷۱۰ھ / ۱۳۱۰ء) کے "ہفت بند" کا ایک نہایت خوبصورت نسخہ۔ نہایت واضح نستعلیق خط میں محمد علی اعجاز رقم نے سنہ ۱۲۰۰ھ میں لکھا ہے۔

۶۱۔ ہفت بند کاشی :۔ ہفت بند کاشی کا ایک اور خوبصورت نسخہ جو اس کتب خانہ کے بانی کے لئے لکھا گیا ہے۔ اس نسخہ کا قلم موجودہ ہندستانی خطاطی کا نفیس نمونہ ہے۔

۶۲۔ گلشن راز :۔ مولانا محمود شبستری (متوفی سنہ ۷۲۰ھ / ۱۳۲۰ء)

کی مثنوی گلشن راز کا ایک نہایت خوبصورت نسخہ۔

۶۳۔ دیوان خسرو :۔ امیر خسرو (متوفی ۷۲۵ھ / ۱۳۲۴ء) کے دیوان کا ایک نہایت شاندار اور دلچسپ نسخہ۔ یہ نسخہ کسی وقت شہنشاہ ہمایوں کی بیٹی شہزادی سکینہ بانو کی ملک رہ چکا ہے۔ مکتوبہ ۹۷۸ھ۔ (نمبر ۱۲۷)

۶۴۔ خمسہ خسرو : خمسۂ خسرو کا ایک نفیس اور مصور نسخہ جسے دو کاتبوں نے مل کر سنہ ۹۷۴ھ میں لکھا ہے۔ (نمبر ۱۲۸)

۶۵۔ مطلع الانوار :۔ خسرو کی مثنوی مطلع الانوار کا ایک نہایت بیش قیمت نسخہ۔ اسے مشہور کاتب میر علی نے بخارا میں سنہ ۹۴۷ھ کے قریب سلطان بخارا عبد العزیز کے لئے لکھا ہے۔ اس مخطوطے کے اندر پورے صفحہ کی چار تصویریں بھی ہیں۔ یہ تصویریں بہترین ایرانی طرز کی نمائندگی کر رہی ہیں۔ (نمبر ۱۲۹)

۶۶۔ دول رانی وخضر خاں :۔ حضرت امیر خسرو کی مثنوی دول رانی وخضر خاں کا ایک نہایت دلچسپ نسخہ۔ اس مثنوی میں سلطان علاء الدین محمد شاہ خلجی کے بیٹے خضر خاں اور گجرات کے راجہ رائے کرن کی بیٹی دول رانی کی داستان محبت بیان کی گئی ہے۔ مثنوی کا یہ نسخہ دور اکبری کے صوبہ دار گجرات شہاب الدین احمد خاں کے حکم پر احمد آباد میں سنہ ۹۹۵ھ کے قریب لکھا گیا ہے۔ اس نسخہ کی تصحیح اور مقابلے کا کام شاعر محمد شریف واقعی نے کیا ہے۔ (نمبر ۱۳۱)

۶۷۔ دیوان حسن :۔ حسن دہلوی۔ (متوفی ۷۲۷ھ / ۱۳۲۷ء) کا دیوان غزلیات۔ یہ نسخہ مشہور خطاط محمد حسین کاشمیری نے سنہ ۱۰۰۱ھ میں اکبر کے ایک سپہ سالار فرید بخاری کے کتب خانہ کے لئے لکھا ہے (نمبر ۱۳۲)

۶۸۔ دیوان سلمان :۔ سلمان ساوجی (متوفی ۷۷۸ھ / ۱۳۷۶ء) کے دیوان کا قدیم ترین معلومہ نسخہ۔ نہایت باریک خط نسخ میں لکھا گیا ہے۔ اور سنہ ۸۰۱ھ میں یعنی شاعر کی وفات کے کوئی (۲۳) سال بعد اس کی کتابت ہوئی ہے۔ (نمبر ۱۴۷)

۶۹۔ مہر و مشتری :۔ اثر (متوفی ۷۸۳ھ / ۱۳۸۲ء) کی مثنوی مہر و مشتری کا ایک نہایت خوبصورت نسخہ۔ یہ نسخہ محمود بخاری نے سنہ ۱۰۱۷ھ میں ولی محمد کے لئے لکھا تھا۔ خیال ہے یہ شخص وہی ولی محمد ہے جو استراخاں خاندان کا دوسرا بادشاہ گزرا ہے۔ (نمبر ۱۴۸)

۷۰۔ دیوان رکن سائن :۔ رکن الدین سائن ہروی (متوفی ۷۶۴ھ / ۱۳۶۲ء) کے دیوان کا ایک نادر اور نہایت خوبصورت خط میں لکھا ہوا نسخہ۔ مکتوبہ سنہ ۸۸۳ھ

۷۱۔ دیوان حافظ :۔ خواجہ شمس الدین حافظ (متوفی ۷۹۱ھ / ۱۳۸۸ء) کے دیوان غزلیات کا نہایت نادر اور دلچسپ نسخہ۔ اس نسخہ کے حاشیہ پر شہنشاہ ہمایوں اور شہنشاہ جہانگیر نے اپنے قلم سے عبارتیں لکھی ہیں ان عبارتوں میں بتایا گیا ہے کہ کن کن موقعوں پر اس دیوان سے فال لی گئی تھی۔ اس فال کے بعد کیا عمل کیا گیا اور ان کے کیا نتائج نکلے (نمبر ۱۵۱)

۷۲۔ دیوان حافظ :۔ دیوان حافظ کا ایک اور دلچسپ نسخہ۔ اس نسخہ میں غزلیات کے مشکل الفاظ کی ایک فرہنگ بھی دی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ رباعیات عمر خیام کا مجموعہ بھی ہے۔ اس کے علاوہ غزلیات حافظ پر بعض تنقیص تضمینیں بھی ہیں۔ اور کہیں کہیں نقیص ہندستانی

طرز میں تصویریں بھی دی گئی ہیں۔

